خالد روحانی جنتری

خالد اسحاق راٹھور

۲۰۱۱ – ۲۰۱۲ – ۲۰۱۳

ماہنامہ

راہنمائے عملیات

لاہور

Scanned with CamScanner

شرف و ہبوط کواکب کے احکام و الواح

نجومی زبان میں کواکب کے شرف و ہبوط کی اصطلاح کا مطلب یہ ہے کہ بعض بروج میں بعض کواکب کو حد درجہ سعد (حالت شرف میں) خیال کیا جاتا ہے اور بعض میں حد درجہ نحس (حالت ہبوط میں) خیال کیا جاتا ہے۔ جب کوئی کوکب متعلقہ برج میں اس خاص مقام پر پہنچتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ یہ کوکب حالت شرف یا حالت ہبوط میں ہے۔

کون سا کوکب کس برج اور درجے پر حالت شرف یا حالت ہبوط میں ہوتا ہے۔ درج ذیل جدول سے باآسانی معلوم ہوسکتا ہے۔

کوکب	مقام شرف	مقام ہبوط
شمس	برج حمل ۱۹ درجے	برج میزان ۱۹ درجے
قمر	برج ثور ۳ درجے	برج عقرب ۳ درجے
مریخ	برج جدی ۲۸ درجے	برج سرطان ۲۸ درجے
عطارد	برج سنبلہ ۱۵ درجے	برج حوت ۱۵ درجے
زہرہ	برج حوت ۲۷ درجے	برج سنبلہ ۲۷ درجے
مشتری	برج سرطان ۱۵ درجے	برج جدی ۱۵ درجے
زحل	برج میزان ۲۱ درجے	برج حمل ۲۱ درجے

عملیات کی دنیا میں دوران شرف و ہبوط کواکب بنائے جانے والے نقوش و الواح وغیرہ بہت اہم، طاقتور، زوداثر اور کامیاب خیال کیے جاتے ہیں۔ چاہے کوئی بھی مقصد ہو کواکب کے شرف و ہبوط کے دوران ایک سمجھ دار عامل کامیاب عمل تیار کرسکتا ہے۔ سال بھر کے شرف و ہبوط کواکب کی تفصیل آپ کو خالد روحانی جنتری اور ماہنامہ راہنمائے عملیات سے مل سکتی ہے۔

عملیات شرف کواکب

ذیل میں مختصراً وہ اہم مقاصد بیان کیے جارہے ہیں جن کے لئے آپ کواکب کے شرف و ہبوط کے دوران نقوش اور دیگر روحانی اعمال وغیرہ تیار کرسکتے ہیں۔

شرف شمس

شرف شمس کے دوران اس کی مناسبت سے معاشرے میں عزت و وقار حاصل کرنے، بلند مرتبہ، عظمت، شہرت، مقبولیت، کامیابی، ترقی، میدان سیاست اور حکومت میں کامیابی و اعلیٰ مقام کے حصول، دشمنوں پر قابو اور غلبہ حاصل کرنے کے مختلف عمل تیار کئے جاتے ہیں۔ شمس سال میں ایک دفعہ حالت شرف میں آتا ہے۔

شرف قمر

شرف قمر میں تقریباً ہر قسم کے سعد عملیات تیار کئے جاتے ہیں۔ جیسے دولت، شہرت، کامیابی، شادی، اولاد، تجدید تعلقات، کاروبار، زمین، زراعت، تسخیر مستورات، نجات امراض، ردسحر وغیرہ۔ قمر ہر ماہ حالت شرف میں آتا ہے۔

شرف مریخ

شرف مریخ کے دوران محبت و طاقت حاصل کرنے، امراض سے نجات، مردانہ طاقت، دشمنوں سے مقابلہ اور غلبہ حاصل کرنے، جنگ و جدل میں کامیابی وغیرہ کے لئے۔

شرف عطارد

علم و عقل و دانش میں اضافے، ادبی معاملات میں کامیابی، ترقی کاروبار، حکام و اہل قلم سے کام لینے، حافظے کو قوی بنانے، زبان دانی، فصاحت و بلاغت، دماغی امراض سے صحت، رزق اور امتحان میں کامیابی وغیرہ کے لئے۔

شرف زہرہ

عوام الناس خصوصاً خواتین میں مقبولیت، شہرت و تسخیر، تمام زنانہ امراض سے شفاء و صحت کے لئے۔ خصوصاً محبت و تسخیر محبوب، کاروبار اور آمدنی میں اضافے، یہ نقش یا لوح ان تمام لوگوں کے لئے حد درجہ مفید ہوتی ہے جن کی طرف لوگ اپنے مقاصد کے حصول کے لئے رجوع کرتے ہیں یا ان کا روزمرہ تعلق کسی نہ کسی طور لوگوں سے ہوتا ہے۔ جیسے سیاست دان، اداکار، دکان دار، ڈاکٹر، حکیم، عامل، نجومی، وکیل وغیرہ۔

شرف مشتری

زندگی میں چند بار ہی شرف مشتری سے فائدہ اٹھانے کا موقعہ ملتا ہے کیونکہ تقریباً ۱۲ سال کے بعد یہ وقت آتا ہے۔ شرف مشتری کے دوران حصول دولت، مالی معاملات میں استحکام، خوش حالی، روپے کی فراوانی، کاروبار و تجارت میں برکت و اضافے، جائیداد کے حصول، آرام دہ زندگی، عمومی خوش قسمتی، روپے کا حصول بذریعہ

Scanned with CamScanner

لاٹری ریس اور ایسے دیگر ذرائع سے۔ مالی مشکلات سے نجات، خاتمہ غربت وغیرہ۔

شرف زحل

کم ہی لوگ اتنے خوش قسمت ہوتے ہیں کہ زندگی میں دو یا تین دفعہ شرف زحل کے وقت کو حاصل کر سکیں۔ کیونکہ یہ تقریباً ۲۹ سال کے لمبے عرصے کے بعد دوبارہ حالت شرف میں آتا ہے۔ اس وقت صرف اپنے لئے نہیں بلکہ اولاد کے لئے بھی عمل تیار کروانا چاہئے تاکہ وہ بھی زندگی میں اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ شرف زحل میں ناموری، شہرت، عوامی مقبولیت، بزرگی، عظمت، ترقی کے لئے اعمال تیار کئے جاتے ہیں۔ اس وقت بادشاہوں، اعلیٰ حکام، امراء، بڑے بڑے تاجر و بزنس مینوں اور کاروباری اداروں کے مالکوں کے فائدے، ملکوں، اداروں اور عمارتوں کے استحکام اور قائم رہنے کے لئے بھی عمل تیار کئے جاتے ہیں۔

عملیات ھبوط کواکب

شرف کے برعکس جب کواکب حالت ہبوط میں ہوں تو پھر مندرجہ بالا امور سے الٹ کاموں کے لئے عمل تیار کئے جاتے ہیں۔

ھبوط شمس

کسی کو معاشرے میں ذلیل کرنے، رتبے یا عہدے سے گرانے، مقابلے میں ناکامی، بندش ترقی وغیرہ کے لئے عمل تیار کئے جاتے ہیں۔

ھبوط قمر

تقریباً ہر قسم کا نحس و نامبارک و بدکام کیا جاسکتا ہے۔ زبان بندی، شادی میں رکاوٹ، طلاق، لڑائی جھگڑے، سحر، جادو وغیرہ جیسے عمل تیار کئے جاسکتے ہیں۔

ھبوط مریخ

خرابی صحت، نیچا دکھانے کے لئے، کمزوری قلب و بزدلی، مشکلات پیدا کرنے، مردانہ طاقت کی بندش وغیرہ کے عمل، فیکٹری، مشینوں کی بندش۔

ھبوط عطارد

کاروبار میں رکاوٹ، پریشانیوں کا شکار کرنے، مرتبے سے گرانے، ذلیل کرنے اور مختلف کاموں میں بندش وغیرہ کے عمل۔

ھبوط زھرہ

بدنامی، نکاح باندھنا، ازدواجی و خانگی معاملات کی تباہی، طلاق، لڑائی جھگڑوں، تفرقہ وغیرہ کے لئے۔

ھبوط مشتری

مالی و مادی امور کی تباہی، بدحالی و مسائل کا شکار کرنے وغیرہ کے لئے۔

ھبوط زحل

کسی کو ذلیل کرنے، تباہ و برباد کرنے، برے اعمال کی سزا دینے، مرتبے سے گرانے، نفاق اور کاموں میں التواء پیدا کرنے کے عمل تیار کئے جاتے ہیں۔

خاتم سلیمان

ایک طلسماتی تحفہ

30 مسائل کا ایک حل

خاتم سلیمان کے نام سے ایک طلسم ادارے کی شائع ہونے والی کتاب "طلسمات زہرہ" میں دیا گیا ہے۔ اس طلسم کو ۳۴ متفرق مقاصد کے لیے مفید قرار دیا گیا ہے۔ ذیل میں ان فوائد کو سرسری طور پر بیان کیا جارہا ہے۔ مکمل تفصیل آپ کو ہماری کتاب "طلسمات زہرہ" میں ملے گی۔ یہ لوح ادارے سے بھی طلب کی جاسکتی ہے۔

1- جادو ٹونہ سے پوری زندگی کے لیے نجات حاصل کریں۔ 2- مطلوب کے دل میں مقام محبت کا حصول۔ 3- فرط عشق و محبت۔ 4- بزدلی کا خاتمہ اور اپنے دشمن پر کامیابی حاصل کرنا۔ 5- دو ناراض افراد کے درمیان شہد کی محبت۔ 6- ہمیشہ ہمیشہ کے لیے قرضے سے نجات۔ 7- اگر کوئی شخص اپنے ساتھ ہوئے دھوکے کا بدلہ لینا چاہے۔ 8- آپ کا سفر مبارک و باخیریت گزرے گا۔ 9- فاسق اور فتنہ باز کے شر سے محفوظ۔ 10- پشت پر وار کرنے والوں کا ہمیشہ کے لیے توڑ۔ 11- آپ کا محبوب کبھی جدائی کا نہ سوچے۔ 12- مشکل ترین حاجت کو پورا کرنے کے لیے۔ 13- کسی لڑکی کی منگنی ہو لیکن نکاح میں کوئی رکاوٹ آجائے۔ 14- کسی آدمی کو اپنا عاشق بننے پر مجبور کر دینا۔ 15- غربت کا گھر سے خاتمہ اور ترقی کی طرف گامزن۔ 16- حاسدین سے بچاؤ اور بری نظر سے برات۔ 17- اچانک موت سے پناہ۔ 18- کسی ایسے پاگل کا علاج جس کے گھر والے علاج و معالجہ سے تنگ آجائیں۔ 19- دلوں میں محبت اور قضاء حاجات۔ 20- میاں و بیوی کے درمیان عشق و محبت۔ 21- کسی کے دل میں محبت والفت۔ 22- کسی مسافر یا غائب کو حاضر کرنا۔ 23- قید سے نجات۔ 24- اگر کوئی دو افراد کے درمیان محبت ڈالنا چاہے۔ 25- جس شخص کے تمام راستے بند ہوں۔ 26- کسی جھگڑالو سے دور رہنے کے لیے۔ 27- دوسروں کو مطیع کرنا اور ان کی نظر میں مقبولیت۔ 28- ایسا عمل کرنے سے آپ کی مراد پوری ہو جائے گی۔ 29- خیر و برکت کے لیے۔ 30- دو مختلف آدمیوں کا آپس میں جھگڑا۔ 31- اپنے دشمن کو جڑ سے ختم کر دینا (ہلاک کرنا)۔ 32- مریض کے لیے۔ 33- کسی کو نماز کی طرف راغب کرنا۔ 34- طاقت ور دشمن کے لیے۔

Scanned with CamScanner

نظرات کواکب کے احکام، الواح و تشریح

خالد روحانی جنتری میں تمام سال کی نظرات تحریر کر دی گئی ہیں۔ یہ کس کام آتی ہیں؟ اس کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔ تاہم پہلے مختصراً سمجھ لیں پھر تفصیل سے سعد نظر متعلقہ کواکب کے حوالے سے اچھے کاموں یعنی شادی، منگنی، نیا کام شروع کرنے، کاروبار یا ترقی وغیرہ کے لیے کوشش کرنے کے لیے مفید ہوتی ہیں۔ جبکہ نحس نظرات دشمنی پیدا کرنے، رزق کی بندش اور نفاق وغیرہ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

قمر کی نظر کا دورانیہ مختصر اور دیگر کواکب کا طویل ہوتا ہے۔ تاہم کوئی عمل نظر کے عین وقت سے آدھا گھنٹہ پہلے شروع کر کے آدھا گھنٹہ بعد تک مکمل کر لیں۔ زود اثر ہوگا۔

☆ جدول کواکب وغیرہ کے لیے علامتی حروف تحریر نہیں کیے گئے ہیں بلکہ کواکب اور نظرات کا پورا نام تحریر کر دیا گیا ہے۔ تاکہ کسی قاری کو پڑھنے اور سمجھنے میں مسئلہ نہ ہو۔

☆ پہلے کالم میں نظر واقع ہونے کی تاریخ درج ہے۔

☆ دوسرے یعنی وقت کے کالم میں مکمل نظر بننے کا وقت فوجی انداز میں تحریر ہے۔ یعنی دوپہر کے ۲ بجے کو ۱۲+۲=۱۴ تحریر کیا گیا ہے۔

☆ تیسرے اور آخری کالم میں بننے والی نظر اور نظر بنانے والے کواکب کے نام تحریر ہیں۔

ذیل میں تمام کواکب کی متفرق نظرات اور ان کے احکام کو بیان کیا جا رہا ہے۔ اس کے بعد تمام سال کی نظرات کا بیان آئے گا۔

نظرات، قران اور عملیات

قمر اور شمس

(سعد نظر) سلاطین و حکام کی تسخیر، مقبولیت اور کامیابی

(نحس نظر) یعنی سلاطین و حکام میں جھگڑے تعلقات میں کشیدگی، جدائی وغیرہ

قمر اور عطارد

(سعد نظر) دماغی صلاحیتوں میں اضافے، ادبی کاموں میں کامیابی، حصول محبوب۔

(نحس نظر) دوستوں اور محبت کرنے والوں میں نفاق، اعصابی و دماغی امراض کا شکار کرنے کے لیے

قمر اور زہرہ

(سعد نظر) عورتوں، عشق و محبت کے کاموں اور فنون لطیفہ میں کامیابی کے لیے

(نحس نظر) زوجین میں دشمنی، طلاق، تنگدستی کا شکار کرنے اور روزمرہ تعلقات میں ناچاقی پیدا کرنے

قمر اور مریخ

(سعد نظر) دشمنوں پر فتح، مغلوب کرنے، جسمانی طاقت وغیرہ حاصل کرنے کے لیے۔

(نحس نظر) سکون اور خوشی برباد کرنے کے لیے دشمنوں کو زیر کرنے کے لیے

قمر اور مشتری

(سعد نظر) خوش قسمتی، کامیابی، ازدواجی معاملات میں بہتری، مذہبی امور و تعلیم، عزت، شہرت اور دولت

(نحس نظر) خوش قسمتی کو بدقسمتی میں بدلنے ازدواجی مسائل کا شکار کرنے کے لیے

قمر اور زحل

(سعد نظر) لاپروا افراد میں احساس ذمہ داری پیدا کرنے، زراعت، زمین جائیداد کے معاملات میں کامیابی کے لیے

(نحس نظر) عورتوں سے تعلقات میں کشیدگی، خوف کا شکار کرنے، دشمنوں کو بیمار اور برباد کرنے کے لیے

عطارد اور زہرہ

(سعد نظر) تحریر و تقریر و گفتگو میں روانی، بہتری اور کامیابی حاصل کرنے، محبوب کے حصول، پرندوں اور آبی جانوروں کی تسخیر وغیرہ

(نحس نظر) ذہنی طور پر کند کرنے اور ناکام بنانے، لوگوں میں نااتفاقی اور بندش کاروبار وغیرہ

عطارد اور مریخ

(سعد نظر) تکنیکی امور میں مہارت اور کامیابی، صحت، حصول قوت اور جسمانی طاقت وغیرہ

(نحس نظر) کاروبار اور تکنیکی امور میں ناکامی اور امراض کا شکار کرنے کے

لیے

عطارد اور مشتری

(سعد نظر) کاروبار میں کامیابی، ذہنی قوت اور علم میں اضافے وغیرہ

(نحس نظر) ناکامی، کاروبار واملاک میں نقصان اور تباہی وغیرہ کے لئے

عطارد اور زحل

(سعد نظر) انتظامی اور دوسرے امور میں کامیابی۔

(نحس نظر) دماغی صلاحیتوں اور املاک کی تباہی

زھرہ اور مریخ

(سعد نظر) جنس مخالف میں مقبولیت وتسخیر، ازدواجی امور میں بہتری کے لئے

(نحس نظر) میاں بیوی میں جھگڑا پیدا کرنے، دوسروں کی نظروں میں گرانے کے لئے

زھرہ اور مشتری

(سعد نظر) اعلیٰ حکام کی تسخیر وتوجہ، جنس مخالف میں مقبولیت، کامیابی، شادی، عوامی مقبولیت

(نحس نظر) بےعزت کرنے، مرتبے سے گرانے، ذلیل اور بدنام کرنے کے لیے

زھرہ اور زحل

(سعد نظر) مستقل تعلقات قائم کرنے، معاملات زندگی میں استحکام، ازدواجی اور قلبی معاملات میں کامیابی وبہتری واستحکام

(نحس نظر) مسائل وذمہ داریوں کا شکار کرنے، خوشیوں اور قلبی معاملات میں افسوسناک صورت حال اور طرفین میں تنازعات اور فتنہ پیدا کرنے کے لیے

مریخ اور شمس

(سعد نظر) جسمانی طاقت، دشمنوں پر فتح وکامیابی، تسخیر امراء، افسران اور قوت عمل پیدا کرنے

(نحس نظر) مخالفین کی ناکامی وتباہی، فساد، لڑائی جھگڑے حادثات وغیرہ کے لئے

مریخ اور مشتری

(سعد نظر) مادی معاملات میں کامیابی، ترقی، حصول دولت، طاقت وہمت

(نحس نظر) طبع میں بےچینی، تنازعات، جھگڑے

مریخ اور زحل

(سعد نظر) صحت، ترقی، حصول جائیداد، مکانات، تکنیکی امور وغیرہ

(نحس نظر) دشمن کی تباہی اس کو حادثات اور آگ کے ذریعے نقصان پہنچانے کے لئے

شمس اور مشتری

(سعد نظر) خوش قسمتی، حصول دولت، عزت ومرتبہ

(نحس نظر) حکومت اور قانون کا مجرم یا ان معاملات سے نقصان، آباد جگہ کو ویران کرنے تنزلی وغیرہ کے لئے

شمس اور زحل

(سعد نظر) ثابت قدمی سے کام کرنے، حصول حاجات

(نحس نظر) مخالف کے لئے پریشانی، باپ بیٹے میں اختلاف، لوگوں میں عداوت وغیرہ پیدا کرنے

مشتری اور زحل

(سعد نظر) خوش قسمتی، مقبولیت، کاروبار میں کامیابی اور تسخیر وتوجہ سلاطین

(نحس نظر) مادی ومالی معاملات میں پریشان کرنے، نظروں سے گرانے وغیرہ

قران

قمر اور مریخ:

دشمنوں پر فتح وکامیابی کے لئے

قمر اور عطارد:

ادبی معاملات اور اہل قلم وصنعت سے حصول مقصد کے لیے

قمر اور زھرہ:

قلبی وازدواجی معاملات کے لئے

برکاتی انگوٹھی
کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر و رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، رد سحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے استعمال میں لائیں۔

Scanned with CamScanner

قمر اور شمس:

یہ وقت تمام نحس و غلط کاموں کے لیے موزوں خیال کیا جاتا ہے

قمر اور مشتری:

حصول علم و دانش و دولت وغیرہ کے لئے

قمر اور زحل:

نفاق، تباہی و بربادی کے لئے

مریخ اور عطارد:

عمارت کو کینوں سے خالی کروانا، تباہی و بربادی کے لئے

مریخ اور زهره:

عورتوں میں مقبولیت کے لیے

مریخ اور شمس:

بیمار کرنے، لڑائی جھگڑے کے لئے

مریخ و مشتری:

حصول طاقت اور دشمنوں پر فتح کے لئے

مریخ اور زحل:

اختلافات، لڑائی جھگڑے وغیرہ کے لئے

عطارد اور زهره:

فنون لطیفہ میں کامیابی کے لئے

عطارد اور شمس:

کامیابی، دولت اور ترقی کے لئے

عطارد اور مشتری:

علم و دانش، امتحان میں کامیابی، حصول علم و ملازمت وغیرہ

عطارد اور زحل:

عمارت و رہائش گاہ کو کینوں سے خالی کرانے، تباہی و بربادی

زهره اور شمس:

زوجین میں محبت، محبت اور مالی امور میں کامیابی حاصل کرنے

زهره اور زحل:

استحکام ملازمت و نکاح وغیرہ کے لئے

شمس اور مشتری:

دولت، کامیابی اور شہرت کے لئے

شمس اور زحل:

دشمن کی تباہی وغیرہ کے لئے

مشتری اور زحل:

شرفاء اور اہل قلم و علم کی تباہی و بربادی اور بدنامی کے لئے

لوح خوش قسمتی

اگر ہم غور کریں تو ہماری زندگی ایک لفظ ''قسمت'' کے اردگرد گھومتی ہے۔ کبھی یہ لفظ ''خوش قسمتی'' بن کر ہماری زندگی میں خوشیوں کا اُجالا بھر دیتا ہے کبھی ''بدقسمتی'' بن کر مسائل کے اندھیروں میں دھکیل دیتا ہے۔ اب کون ایسا ہوگا کہ جو اپنی زندگی میں خوش قسمتی کا طالب نہ ہو۔ اس خوش قسمتی کے عنصر کو ہر کوئی جانے انجانے کسی نہ کسی طرح اپنے معاملات زندگی میں لانا چاہتا ہے۔

تو ایسے تمام افراد جو اپنی زندگی میں خوش قسمتی کے عنصر کو لانا چاہتے ہیں اِن کو فوری طور پر لوح خوش قسمتی حاصل کرنی چاہیے۔ یہ لوحِ خوش قسمتی کواکب کی سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے پر تیار کی جاتی ہے۔ لہذا آپ بھی رزق، شادی، دولت، عہدہ، اولاد، صحت اور دیگر ایسے تمام معاملات کے لیے لوح خوش قسمتی کو حاصل کریں۔ اللہ کے فضل و کرم سے متعلقہ معاملات زندگی میں بہتری اور آسانی آنا شروع ہو جائے گی۔ انشاءاللہ۔

منی آرڈر و رابطہ: خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور

اعمال متفرقہ

برائے تبادلہ

اگر کوئی صاحب تبادلہ چاہتے ہوں یا کسی دوسری جگہ جانا چاہتے ہوں مگر اسباب نہ ہوتے ہوں تو یہ نقش بدھ کے دن سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ تک لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ اللہ چاہے گا تبادلہ ہو جائے گا اور جہاں جانا چاہتے ہیں وہاں کی رکاوٹ دور ہوگی۔

۷۸۶

۷۸۷	۷۸۱	۷۷۸	۷۷۵
۷۷۹	۷۷۴	۷۶۸	۷۸۰
۷۷۳	۷۷۶	۳۸۳	۷۶۹
۷۸۳	۷۷۰	۷۷۲	۷۷۷

خصوصی نوٹ

عربی عبارت کی اصلاح کسی صاحب علم سے کروالیں تاکہ غلطی کا احتمال نہ رہے۔

چلہ بسم اللہ شریف

ایک مکان میں معتکف ہو کر چالیس روز کا چلہ کرے۔ درمیان میں ترک حیوانات کرے۔ بعد نماز عشاء تہبند باندھ کر غسل کرے۔ بعدہٗ احرامی پارچہ سے دو رکعت نماز ادا کر کے سو بار درود شریف اور ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بعدہٗ پھر سو بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد غسل کرے۔ از بس اولیٰ ہے۔ ورنہ تازہ وضو۔ اگر اس سے بھی کم ہمت ہے تو جب تک اس کا پہلا وضو رہے بارہ ہزار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اول و آخر ہزار کے سو سو بار درود شریف۔ لیکن اگر ہزار پر غسل اور وضو کر کے اگر چلہ تمام کیا تو عجیب کیفیت اور لذت حاصل ہوتی رہے گی۔ جس انسان نے محض اللہ واسطے ایک چلہ اپنی تمام لذات دنیا کو ترک کر کے پڑھا وہ ضرور حصول رحمت ایزدی کا ہوا۔ پھر کیا تھا وہ تو ارحم الراحمین ہے کیسے کیسے انعامات عطا فردے گا۔ دین و دونیا کے غم والم سے نجات ملتی ہے۔

بعد چلہ کے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۷۸۶ بار پڑھا کرے اگر ناغہ کر دیا تو زکوٰۃ ٹوٹ جائے گی۔ اور جمعہ کو بعد نماز صبح کے ۲۷ نقش بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے لکھا کرے۔ اگر ہر روز ممکن نہ ہو تو اکٹھا کر کے گولیاں بنا کر گندم سے دریا میں ڈال دے۔ انشاء اللہ بدرجہ غایت فتوحات ہوں گی۔

۷۸٦

۲٦۳	۲۵۸	۲٦۵
۲٦۴	۲٦۲	۲٦۰
۲۵۹	۲٦٦	۲٦۱

برائے فتوحات ظاہری و باطنی و سیف زبان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بعد نماز صبح کے تا نماز عشاء جو شخص ہمیشہ ہر روز اپنا وظیفہ ۱۹٦۷۵ بار مقرر کر کے پڑھا کرے سوائے اس کے درمیان نمازوں کو ادا کرے پس کوئی اور وظیفہ نہ ہو۔ اسی پر اکتفا کرے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ بعد چند عرصہ کے عجوبہ کیفیت پائے گا۔ تمام حاجتوں کو اللہ جل شانہٗ روا فرما دے گا۔ انسان ہمت کرے پھر ذات ایزدی رہبری کرے گی۔ سیف زبان مشہور ہوگا۔

برائے حاجت

وضو کر کے دو رکعت نماز ادا کر کے ۱۱ بار درود شریف اور ایک ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، بعد اس کے سو بار اللہ الصمد پھر گیارہ بار درود شریف اس کے بعد پھر دو رکعت ادا کرے ۱۱ بار درود شریف اور ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن پھر سو بار سلام" قولاً من رب رحیم بعدہ ۱۱ بار درود شریف دو رکعت نماز بعد سلام ۱۱ بار درود شریف ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سو بار لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین ۱۱ بار درود شریف دو رکعت نماز بعد سلام ۱۱ بار درود شریف اور ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سو بار فستجبنا لہ من الغم و کذالک ننجی المومنین بعدہٗ ۱۱ بار درود شریف دو رکعت نماز بعد سلام ۱۱ بار درود شریف ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن سو بار الوحمٰن امری الیٰ اللہ ان اللہ بصیر" بالعباد ۱۱ بار درود شریف اس کے بعد پھر دو رکعت نماز بعد سلام ۱۱ بار درود شریف بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سو بار و الوحمٰن امری الی اللہ ان اللہ بصیر" بال عباد ۱۱ بار درود شریف پھر دو رکعت نماز بعد سلام ۱۱ بار درود شریف ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سو بار سبحان بیدہ ملکوت کل شئی و الیہ ترجعون ۱۱ بار درود شریف دو رکعت نماز بعد سلام ۱۱ بار درود شریف ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سو بار انا فتحنا یا مفتح، پھر ۱۱ بار درود شریف پھر دو رکعت نماز بعد سلام ۱۱ بار درود شریف ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن سو بار یا جامع الناس یا جامع" ۱۱ بار درود شریف پھر دو رکعت نماز ۱۱ بار درود شریف ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سو مرتبہ یا جامع الناس یا جامعُ ۱۱ بار درود شریف پھر دو رکعت نماز بعد سلام ۱۱ بار درود شریف ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سو بار واللہ غالب" الیٰ امرہ و لکن اکثر الناس لا یعلمون ۱۱ بار درود شریف پھر دو رکعت نماز بعد سلام اور ۱۱ بار درود شریف ہزار بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سو بار فدعا ربہ انی مغلوب فانتصر ۱۱ بار درود خر کے درود شریف ہر آخر کے درود شریف پر اپنی حاجت کو نہایت عجز اور انکساری سے طلب کرتا رہے۔ اگر قلب اور زبان دونوں یکساں رہے ہیں تو بارہ روز پورے ہونے نہیں پاتے کہ خداوند کریم اس کی حاجت پوری فرماتا ہے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے فرمایا کہ جو کام بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع نہ کیا جائے وہ بے برکت ہے۔ اور آپ نے فرمایا کہ جس دعا کے آگے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہو وہ قبول ہوتی ہے۔

دفع درد سر بہ برکت بسم اللہ

روایت ہے کہ بادشاہ روم نے جو نصرانی تھا حضرت عمرؓ کو خط لکھا کہ مجھے درد سر ایسا رہتا ہے کہ کبھی افاقہ نہیں ہوتا۔ کوئی دوا بھیجا کیجئے۔ حضرت عمرؓ نے ایک ٹوپی اس کے پاس بھیجی۔ جب اس ٹوپی کو سر پر رکھتا، درد تھم جاتا اور جب ٹوپی کو سر سے اُتارتا پھر درد سر ہونے لگتا۔ اس کو تعجب ہوا، ٹوپی کو ادھیڑ کر دیکھا تو اس میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھا پایا۔ سوائے اس کے اور کچھ نہ تھا۔ اس نے کہا کیا اچھا دین ہے جس کی ایک آیت سے اللہ تعالیٰ نے شفا دی ہے۔

Scanned with CamScanner

سورہ یٰسین کے فوائد اور فضائل

حصول مطلب کے لئے

جس حاجت کے لئے اکتالیس بار سورہ یٰسین پڑھے وہ پوری ہو۔ فقیہ علی بن قاسم حکمی نے لکھا ہے کہ میں نے ایک مشکل حاجت کے لئے اکتالیس بار یٰسین پڑھی۔ اللہ تعالیٰ نے وہ مشکل آسان کی اور وہ مطلب حاصل ہوا۔

واسطے قضائے حاجت کے

دارمی نے صحیح روایت کی ہے۔ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کوئی سورہ یٰسین کو اول روز میں پڑھے۔ اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں۔ سورہ یٰسین اور ملک قضائے حاجت کے لئے پڑھے۔ بعض علماء نے فرمایا ہے کہ سورہ یٰسین میں لفظ الرحمٰن چار جگہ ہے اور لفظ اللہ تین جگہ اور اسی طرح سورہ ملک میں۔ پس جو شخص سورہ یٰسین اور لفظ رحمٰن پر سیدھے ہاتھ کی انگلیاں کھولے اور لفظ اللہ پر بائیں ہاتھ کی اور کھولنا اور بند کرنا چھنگلیا سے شروع کرے۔ اس سے ملی ہوئی انگلیوں کی طرف سے یعنی پہلے چھنگلیا بند کرے پھر اس کے اوپر کی انگلی پھر بیچ کی اور اسی طرح بند کرے۔ جس مطلب کے لئے پڑھے بفضلہ اللہ تعالیٰ جلد تر حاصل ہو اور دعا قبول ہو۔ سو اللہ تعالیٰ سے ڈرے اور سوائے بھلائی کے دعا نہ مانگے۔

نماز قضائے حاجت

روایت ہے جو کوئی سورہ الم تنزیل اور سورہ ملک دو رکعت پڑھے اور بعد اس کے پڑھے یا دائم یا حی یا قدیم یا احد یا صمد صلی علی سیدنا محمد و علی ال سیدنا محمد اس کے بعد اپنی حاجت خدائے تعالیٰ سے مانگے انشاء اللہ اس کی مراد حاصل ہوگی۔

سورہ ملک چاند دیکھنے کے وقت

بعض علماء سے روایت ہے کہ جو شخص سورہ ملک چاند دیکھنے کے وقت پڑھے اسے مہینے میں ہر طرح کی خیر و برکت حاصل ہو اور ہر شر سے محفوظ رہے۔ سورہ بوقت طلوع آفتاب کے جو کوئی پڑھے اس دن سب شروں سے محفوظ رہے۔

آیت الکرسی کے فوائد

رات کو آیت الکرسی پڑھنے کا ثواب صحیح حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص رات کو آیت الکرسی پڑھے شیطان اس کے پاس نہ آئے۔

بعد نماز کے آیت الکرسی

سنن نسائی میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو کوئی آیت الکرسی بعد ہر نماز کے پڑھے بعد مرنے کے بہشت میں داخل ہو۔

جمعے کے بعد عصر کے درمیان آیت الکرسی پڑھنا واسطے اثر عجیب اور قبولیت دعا۔ امام نووی نے فضائل اور منافع آیت الکرسی میں ایک کتاب خوب تصنیف کی ہے۔ اور اس میں لکھا ہے کہ جو کوئی ہر جمعے کے دن بعد عصر کسی خالی جگہ میں تین سو تیرہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے ایسی خیر و برکت حاصل ہو کہ قیاس میں نہ آئے۔

سورہ واقعہ

اس سورہ میں بڑی خاصیت دفع فاقہ اور حصول فنا کی ہے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورہ واقعہ ہر رات پڑھے کبھی فاقہ سے نہ ہو۔

واسطے حصول مراد

جو کوئی سورہ واقعہ چالیس بار ایک مجلس میں پڑھے اس کی سب حاجتیں پوری ہوں۔ علی الخصوص جو متعلق ہوں رزق کے۔

سورہ انا انزلنا زیادتی رزق اور حصول مراد کے لئے کثرت سے پڑھنا باعث حصول مقصد ہے۔ امام ولی احمد موسیٰ بن عجیل سے ایک شخص نے درخواست کی انہوں نے کہا کہ سورہ انا انزلنا کثرت سے پڑھ اور اس کے بعد یہ دعا سات بار پڑھے اللھم یا من خلقتنی من خلقه جیداً و لا یلتقی من احد من خلقه یا احد من لا احد له لقطع الرجا الا فیک دخایت الاعمال لا فیک یا غیاث المستغثین اغثنی اور لفظ اغثنی سہ بار کہے۔ بعض علما نے کہا ہے کہ جو کوئی شخص جس کو حاجت پیش آوے ۴۱ بار سورہ انا انزلنا اور ۴۱ بار یہ دعا پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ حاجت بہت جلد بر آوے۔

سورہ اخلاص کے فوائد

حدیث صحیح میں آیا ہے کہ سورہ اخلاص ایک تہائی قرآن کے برابر ہے بعض اصحاب سے روایت ہے کہ جو کوئی قل ہو اللہ ہمیشہ پڑھا کرے ہر طرح کی خیر و برکت پائے اور دنیا و آخرت کی سب شروں سے محفوظ رہے۔ بعض علماء سے روایت ہے کہ جو شخص سورہ اخلاص کو خرگوش کی جھلی پر لکھ کر اپنے پاس رکھے اسے کوئی جن وانس اور کوئی موذی جانور تکلیف نہ دے سکے۔ ایک شخص نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مفلسی کی شکایت کی آپ نے فرمایا جب تو اپنے گھر جایا کر، قل ہو اللہ پڑھ لیا کر۔ اس نے ایسا ہی کیا اور اپنے مطلب کو پہنچا۔

اذان اور اقامت کے فائدے

جامع ترمذی میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دعا درمیان اذان اور اقامت کے قبول ہوتی ہے۔ اصحاب نے عرض کیا کہ اس وقت کیا دعا مانگیں۔ آپ نے فرمایا عافیت دنیا اور آخرت کی دعا مانگو، صحیح حدیث میں آیا ہے کہ اذان شیطان کو دفع کرتی ہے اور اذان کے سنتے ہی شیطان پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتا ہے۔

واسطے دفع جنوں کے

ایک جگہ جنوں کی بڑی کثرت تھی۔ حضرت ابو زید بن اسلم رضی اللہ عنہ جو کہ وہاں کے حاکم تھے فرمایا ہر وقت اذان کی کثرت رکھیں۔ پس جنوں کا صدمہ دفع ہو گیا۔ پھر جن وہاں نظر نہ پڑے۔ اذان واقامت بوقت تولد طفل سیدھے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہے۔ شیطان کے ضرر پہنچانے سے وہ لڑکا محفوظ رہے گا۔

واسطے دفع مرگی کے

مرگی والے کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہے انشاء اللہ تعالیٰ اچھا ہو جائے گا۔

واسطے راہ گم کردہ مسافر کے اذان

جب مسافر راستہ بھول جائے اذان کہے خدا تعالیٰ اسے راہ دکھائے۔

حفاظت جان و مال

پچیس بار استغفر الله العظیم الذی لا اله الا هو الحی القیوم الذی لا یموت واتوب الیه ہر روز پڑھ لیا کرے۔ سب آفتوں سے محفوظ رہے۔

دفع مفلسی کے

سو بار لا حولا و لا قوة الا ابالله العلی العظیم ہر

روز پڑھ لیا کرے ہمیشہ تونگر رہے۔

واسطے ادائے قرض کے

دو رکعت نماز قبل وتر کے پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے قل اللھم مالک الملک سے بغیر حساب تک پانچ بار پڑھے۔ کتنا ہی قرض ہوادا ہو جائے گا۔ نہایت مجرب ہے۔

رہائی قیدی کے لیے

نقش مرقومہ ذیل جس کے ہر ضلعے میں ۴۵ ہیں جس کے پاؤں کے نیچے کی پاک مٹی ایک پاک تختے پر بچھا کر بروز جمعہ ساعت شمس ہو لکھ کر پھر اس مٹی کو کپڑے میں لپیٹ کر کسی ٹھنڈی جگہ پر قرب گھڑے کے رکھ دے۔ بفضلہ تعالیٰ قیدی چھوٹ جائے گا۔

۷۸۶

۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲

برائے رہائی قیدی

ما شاء الله لا قوة الا با لله العلی العظیم حسبنا الله او نعم الو کیل دو ہزار کی تعداد میں ایک جلسے میں پڑھے بفضلہٖ تعالیٰ قید سے نجات پائے

دفع قتل اور دیگر تکلیفات

خوف قتل وغیرہ کے لیے اگر کسی کو اپنے قتل یا کسی اور تکلیف کا خوف ہو ایک بکری سالم کہ جس میں کوئی عیب نہ ہو کان کٹی، لنگڑی سینگ ٹوٹی نہ ہو اور سب شرائط قربانی کے اس میں پائی جائیں، علیحدہ جگہ میں جہاں کوئی نہ دیکھے رو بقبلہ ذبح کرے۔ اس کی خون کے لیے جو گڑھا کھودے بعد ذبح اسے مٹی سے بند کر دے کہ کوئی اس کا خون بھی نہ دیکھے اور وہاں پر کسی کا پاؤں بھی نہ پڑے۔ پھر گوشت کے ساٹھ حصے کر کے فقراء اور مساکین کو بانٹ دے اور اس میں سے نہ کھائے۔ اور نہ وہ شخص کہ جس کا خرچ ہوا اس میں ہوا ہو تو یہ بکری اس شخص کا فدیہ یعنی بدلہ بن جائے گی۔ اور وہ شخص آفت سے محفوظ رہے گا۔ اور یہ مجرب ہے۔

زیادتی حافظہ کے لیے

سورہ الم نشرح چینی کے برتن میں لکھ کر پانی سے دھو کر پی لے اللہ کے فضل سے حافظہ بہت قوی ہو جائے۔

حصول مراد کے لئے

جمعے کے روز طلوع آفتاب سے غروب تک رو بقبلہ باوضو تنہائی میں بیٹھے اور یا اللہ یا رحمٰن پڑھتا رہے اور سات جمعے تک برابر یہ عمل کرے۔ پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی مراد مانگے۔ بیشک حاصل ہو۔

واسطی محفوظی کے ہر ظلم

سنت فجر میں جو شخص سورہ فاتحہ کے بعد پہلی رکعت میں الم نشرح اور دوسری رکعت میں الم تر کیف پڑھے اس دن ہر ظالم کا ہاتھ کوتاہ رہے اور ہر برائی سے محفوظ رہے۔

سرسبزی باغ کے لیے

سورہ فاتحہ لکھے لیکن مالک یوم الدین تک سات بار ہو۔ اسے پانی سے دھو کر باغ کے درختوں پر چھڑکے اگر پھل موقوف ہو گیا ہو اور درخت سوکھ گئے ہوں، بہ برکت اس عمل کے سرسبز ہو جائیں اور پھل کثرت سے آئے۔

Scanned with CamScanner

طلسمات زہرہ

محبت کے متوالوں کے لیے ایک نایاب کتاب۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ محبت اور تسخیر کے موضوع پر ایک عربی کتاب کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ جبکہ دوسرا حصہ ان ابواب پر مشتمل ہے جو خالد اسحاق راٹھور نے محبت، تسخیر، شادی، اتفاق، تفریق، الفت وغیرہ جیسے امور پر تحریر کیے ہیں۔ اپنے نفس مضمون کے اعتبار سے یہ کتاب محبت و تسخیر کے حوالے سے آپ کے ہر مسئلے کا حل لیے ہوئے ہے۔ نئے ایڈیشن میں چند اہم مضامین کا خصوصی اضافہ کیا گیا ہے۔ ایک جامع اور آسان فہم کتاب۔

نماز واسطے حصول مطلب

خواجہ خضر علیہ السلام نے بعض عباد کو تعلیم کیا کہ دو رکعتیں پہلی رکعت میں بعد الحمد کے سورہ دس بار اور دوسری رکعت میں سورہ قل گیارہ بار پڑھے اور سلام کے بعد سجدہ کرے اور سجدے میں دس بار درود شریف اور دس بار سبحان اللہ و الحمد للہ و لا الٰہ الا اللہ و اللہ اکبر و لا حول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اور دس بار ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الاٰخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار پڑھے۔ پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے۔ خدائے تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ مطلب اس کا حاصل ہو

وظیفہ آخر شب

بوقت سحر یہ آٹھ اسم مبارک پڑھے۔ الملک العلی العظیم الغنی المتعالی ذو الجلال المھین الکبیر جملہ تکالیف رفع ہو جائیں گی۔

یہ دس اسم مبارک المحیط العالم الرب الشھید الحسیب الفعال الخالق الباری الخلاق المنصور ذکر میں اہل مکاشفات کا اور ہمیشہ ان کا ذکر کرے۔ اس کا مطلب جلد حاصل ہو

اور جو آدمی رات کو ان کا ذکر کرے عجیب برکت پائے اور یہ اسماء سبب حفظ جسم و جان اور باعث مقہوری اعداء ہیں۔ جو ان کی مداومت کرے عالم علوی کے اسرار دیکھے اور اس کے واسطے کل عالم مسخر ہو جائے۔

کھیتی میں برکت ہونے کے لیے

چہار شنبے کو کھیت میں خوب بوئے اور اس وقت سو بار پڑھے۔ سبحان اللہ الباعث الوارث اس کھیتی میں خوب فائدہ ہو اور بہت اچھی برکت والی کھیتی ہو۔

سفر میں حفاظت کے لیے

اسم مبارک سلام کو نقش مثلث میں اس طرح لکھئے جو مسافر اسے اپنے پاس رکھے سفر سے سلامت پھر آئے اور اگر لڑائی میں اسے اپنے پاس رکھے تمام آفات سے بفضل خدا محفوظ رہے۔

م	لا	س
س	م	لا
لا	س	م

بھاگے ہوئے کی واپسی

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو اس آیت کو لکھ کر چرخہ میں باندھ کر ساٹھ مرتبہ ہر روز چالیس دن تک الٹا گھما دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بابرکت اس عمل کے وہ شخص جلدی واپس آ جائے گا۔ آیت یہ ہے۔ نرددنہ الیٰ امکی تقر علیہ و لا تھزن و لتعلم ان وعد اللہ حق و لکن اکثر الناس لا یعلمون

دیگر: دو رکعت نفل پڑھ کر اس آیہ کریمہ کو ایک سو انیس مرتبہ چالیس روز تک پڑھے۔ ببرکت اس کے جو شخص بھاگ گیا ہو واپس آوے۔ آیہ کریمہ یہ ہے۔ ان اللذی فرض علیک القرآن لرادک الیٰ معاد۔

Scanned with CamScanner

تحریر و تحقیق: خالد اسحاق راٹھور

شرف زحل

زحل دائرۃ البروج میں حرکت کرتے ہوئے اپنے شرفی برج میں داخل ہو چکا ہے۔ شرف تو سعادت سے بھرا یہ نجومی وعملیاتی وقت 30 سال کے بعد آتا ہے۔ سو اس طاقت ور وقت سے مستفید ہونا صاحب علم افراد کی شدید خواہش ہوتی ہے۔

سطور ذیل میں بالترتیب اُن نقوش والواح کو بیان کیا جا رہا ہے جو ادارہ ''راہنمائے عملیات'' طویل عرصے سے تیار کر رہا ہے اور ان کی موثریت مسلّمہ امر ہے۔ راہنمائے عملیات کے ہر قاری کے لیے اِن الواح کے بیان کا مقصد یہ ہے کہ اگر وہ اس سعد گھڑی سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تو پھر ان نقوش والواح کو خود تیار کر لیں اور اگر اُن کو عملیات کی سمجھ نہیں تو ادارہ ''راہنمائے عملیات'' سے اِن الواح و نقوش کو حاصل کر سکتے ہیں۔

شرف زحل 12 اکتوبر 2011 تا 20 اکتوبر 2011 تک رہے گا۔

لوح شرف و اوج زحل

زمانہ قدیم سے زائچے میں طاقت ور ترین عامل کی حیثیت رکھنے والا زحل جب حالت شرف یا اوج میں ہوتا ہے تو درج ذیل امورات میں موثر مانا جاتا ہے۔

لوحِ شرف زحل

زحل کے ناقص اثرات کے خاتمے کے لیے یہ لوح خاص طور پر تیار کی جاتی ہے۔ ساڑھ ستی کے لیے بھی مفید۔ جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں تو سمجھ لیں کہ آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ بہت سے لوگ ایک کے بعد دوسرے مسئلہ کا شکار رہتے ہیں۔ ایک مصیبت سے جان چھوٹی تو دوسری میں گرفتار ہو گئے۔ مسائل اور پریشانیوں کا انبار، کاموں کا نہ ہونا، ہر مسئلہ میں رکاوٹ اور التواء اور ان دیکھے ہاتھوں کا ہوتے کاموں کو روک دینا جیسے مسائل کے لیے اس لوح کا استعمال مفید اور موثر ثابت ہوگا۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے حد درجہ موثر ہے۔ اس کے علاوہ وہ لوگ جو بڑے پیمانے پر کاروبار کرتے ہیں، بڑے پلازے اور عمارتیں بناتے ہیں یا وہ لوگ جو اپنے کاروبار اور کاموں کو استحکام دینے کے خواہش مند ہوں اور ایک طویل عرصہ کے لیے کامیابی کے خواہاں ہوں ان کے لیے بھی یہ لوح حد درجہ موثر ہے۔ غرضیکہ ہر وہ کام جس میں آپ غیر معمولی اور طویل عرصہ تک کامیابی چاہتے ہوں کے لیے بھی یہ لوح حاصل کر سکتے ہیں۔

شرف یا اوج کسی بھی کوکب کا ہو، اثرات تو اس کے متعلقہ کوکب کے حوالے سے ہوتے ہیں لیکن اس کی موثریت اپنی جگہ اہم اور مستند خیال کی جاتی ہے۔ کوکب کا شرف یا اوج میں ہونا اس کے تحت تیار کردہ عملیات کو اثر انداز اور کامیاب بنا دیتا ہے۔ اس حوالے سے جو نقش تیار کیا جاتا ہے ذیل میں بمعہ چال دیا جا رہا ہے۔

چال زحل بادی

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش زحل

یاباعث یا حکیم یا علی

۵۶۲	۵۵۹	۵۵۲	۵۶۵
۵۵۳	۵۶۴	۵۶۳	۵۵۸
۵۶۷	۵۵۴	۵۵۷	۵۶۰
۵۵۶	۵۶۱	۵۶۶	۵۵۵

یا اللہ یا واسع

وہ جو عملیات کی سمجھ رکھتے ہیں خود یہ نقش تیار کرلیں اور جو ادارے سے طلب کرنا چاہئیں وہ ہدیہ ارسال کرکے اس نقش ولوح سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

لوح زحل برائے اپاؤ رجعت ونحوست زحل

زحل کی رجعت ونحوست اپنے اندر ایسا اثر رکھتی ہے کہ ہر صاحب علم اِن کو مانتا اور سمجھتا ہے۔ سطور ذیل میں اس حوالے سے واقع ہونے والے اثرات کا بیان ہے تاکہ ہر فرد سمجھ سکے کہ کیا وہ تو نہیں زحل کی رجعت ونحوست کا شکار ہے۔

ایسے تمام افراد جن کی زندگی میں تاخیر، التواء اور رکاوٹیں ایک لازمی امر ہے تو وہ یہ بات جان لیں کہ ان کے پیدائشی زائچہ میں زحل کا حالت رجعت/نحوست میں ہونا بھی اسی طرح لازم ہے۔ غربت اور تنگ دستی کے شکار لوگ بھی رجعت/نحوست زحل کے تحت آتے ہیں۔ وہ تمام افراد جو کسی نہ کسی طرح زمین کی خرید وفروخت یا ایسا کوئی بھی شعبہ جو زمین سے منسلک ہو، میں ہیں اور ان کو اپنے شعبہ میں خاطر خواہ کامیابی کی بجائے خاطر خواہ نقصان ہو تو ان کو بھی اس بات کو سمجھ لینا چاہیے کہ زحل ان کے زائچہ پیدائش میں حالت رجعت/نحوست میں ہے۔ خاص طور پر ان افراد کو خصوصی طور پر لوح رجعت/نحوست زحل کی ضرورت ہے جن کی زندگی میں ٹھہراؤ کی کمی ہو اور اہم معاملات مستقل بنیادوں پر حل نہ ہوتے ہوں۔ سو آج ہی ادارہ سے رابطہ کرکے لوح رفع رجعت/نحوست زحل بنوائیں اور زندگی کے امتحانوں کو ثابت قدمی سے پار کرتے جائیں۔

اس حوالے سے یہ نقش تیار کرنا نسبتاً مشکل کام ہے کیونکہ اس قسم کے نقش میں صرف شرفی یا اوجی طاقت ہی نہیں مدنظر رکھی جاتی بلکہ دیگر نجومی کلیات کو مدنظر رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ عملیاتی سمجھ بوجھ بھی بہت ضروری ہے جو کہ اوسط درجے کے عامل یا نجومی کے بس میں نہیں۔

سطور ذیل قارئین راہنمائے عملیات کے لیے وہ خاص نقش بمعہ چال تحریر ہے۔ جو مہارت رکھتے ہیں تیار کرسکتے ہیں۔

نقش زحل (رجعت ونحوست)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا قائم یا رافع یا شکور

۸۴۷	۸۴۴	۸۳۷	۸۵۰
۸۳۸	۸۴۹	۸۴۸	۸۴۳
۸۵۲	۸۳۹	۸۴۲	۸۴۵
۸۴۱	۸۴۶	۸۵۱	۸۴۰

یا حکیم یا باقی

چالِ زحل بادی

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

شرف زحل کے درست اور موثر ترین نقش، لوح اور طلسم حاصل کریں

سہہ جہتی طلسم زحل

یہ طلسم بنیادی طور پر تین الگ الگ امورات کی بنیاد پر بنایا گیا ہے۔ اس لیے اس کو "سہہ جہتی طلسم" کا نام دیا گیا ہے۔ یہ طلسم تین امورات پر مشتمل ہے:

1- پہلا حصہ قدیم ترین عددی نقش پر مشتمل ہے، جو قدیم اقوام نے عددی حوالے سے عطارد سے منسوب کیا ہے۔ اس کی درست تاریخ یا زمانہ نامعلوم ہے۔

2- دوسرا حصہ ایک خاص طلسماتی شکل ہے جو نامعلوم زمانوں سے زحل سے منسوب ہے اور اس کے طلسم کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

3- تیسرا حصہ اُن اسماء الحسنیٰ پر مشتمل ہے جو اس نقش کے چہار اطراف شامل کیے گئے ہیں۔ یہ اسماء زحل سے متعلق معاملات کے حل کے حوالے سے لیے گئے ہیں۔

اِن تینوں امورات نے مل کر اس سہہ جہتی طلسم زحل کو ایک ایسا شاہکار بنا دیا جو غیر معمولی روحانی، عملیاتی، طلسماتی اور اسلامی قوتوں کو لیے ہوئے ہے۔

نقش زحل (سہہ جہتی زحل)

یا اللہ یا عزیز یا باقی یا وارث

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

یا اللہ یا واسع یا وکیل یا مالک

طلسم زحل جو مندر بالا نقش کی پشت پر بنے گا۔



یہ سہہ جہتی طلسم زحل کن کن کاموں میں موثر ہے اس کا بیان ذیل میں دیا گیا ہے۔

اس طلسم کے خاص فوائد میں یہ بات شامل ہے کہ وہ نحس کوا کبی سحری' جادو یا دیگر اثرات جو عرصہ دراز سے فرد پر طاری ہوں ان کا مداوا کیا جا سکتا ہے۔ ایسی نحوستیں جو طویل عرصہ سے فرد کو متاثر کر رہی ہیں اور علاج کی کوئی صورت سامنے نہ آتی ہو اس کے علاج کے لیے موثر ہے۔ ساڑھ ستی اور نحوست زحل کے خاتمہ کے لیے بھی یہ موثر ہے۔ بڑی عمارتیں جیسا کہ پلازے یا ملٹی سٹوری بلڈنگیں یا بڑے بڑے گھر یا بڑے حویلی نما مکان یا شان دار جگہ وغیرہ' جو سب کی نظر میں آ ئے' ان کو رد بلا اور سحری و نحس اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے یہ طلسم استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بڑی عمر کے افراد یا بڑی عمر اور صاحب حیثیت افراد کے لیے بھی مفید ہے۔ وہ افراد جو کسی مزمن مرض کا شکار ہوں ان کے لیے بھی یہ طلسم موثر و مفید ثابت ہو گا۔ یہ طلسم خاص طور پر ان لوگوں کے لیے بھی بہت موثر اور ہر لحاظ سے سود مند ہے جو علوم مخفی کے حصول میں سرگرداں ہیں۔ عملیات' نجوم' سحر' پامسٹری' جفر' رمل' حاضرات اور ایسے تمام علوم سے متعلق لوگوں کے لیے یہ طلسم ان کی روحانی اور مخفی قوتوں کو ترقی دینے اور ان کی قوت و علم میں اضافہ کا باعث ہو گا۔ اور وہ لوگ جو اپنی ذات یا ادارہ کو دوسرے لوگوں کی نظر میں موثر و معتبر بنانے کے خواہش مند ہیں ان کو بھی اس قدیم اور خفیہ طلسم کی قوتوں سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

نقش زحل نورانی

راہنمائے عملیات میں حروف نورانی کے حوالے سے مختلف کواکب سے متعلق نقوش دیئے گئے تھے، جن کو قارئین کی ایک بڑی تعداد نے پسند بھی کیا اور استعمال بھی اور ان کی موثریت کی تعریف بھی کی۔ سو زیر بحث عمل بحوالہ زحل ذیل میں دیا جا رہا ہے۔

اس حوالے سے ذیل میں تیار شدہ نقوش پیش کیے جا رہے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ زحل سے منسوب تکسیر نورانی بھی دی گئی ہے، تاکہ آپ اپنے لیے یا کسی فرد کو اس کے مسئلے کے حل کے مطابق تکسیر زعفران سے لکھ کر استعمال کے لیے دینا چاہیں تو ایسا کرنے میں آسانی رہے۔ یعنی محبت، بیماری یا سحر وغیرہ کے مسائل میں فرد کو یہ پینے کے لیے دی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ اس تکسیر کو فلیتہ وغیرہ بنانے کے کام بھی لایا جا سکتا ہے، جو کہ سحر، رد نظر اور ضرورت کے دیگر کاموں میں استعمال ہو سکتا ہے۔ دراصل یہ عامل کی ذہانت اور سائل کے مسئلہ پر کہ اس کو کس طرح اور کس طور استعمال کیا جائے۔ سو ہر فرد اپنی اپنی سمجھ اور ضرورت کے مطابق ان نقوش اور تکسیر وغیرہ کو استعمال کر سکتا ہے۔ سو سب سے پہلے زحل سے منسوب تکسیر زحل نورانی دی جا رہی ہے اور اس کے بعد نقش زحل نورانی دیا جا رہا ہے۔

تکسیر زحل

ال ب م ج ص د ر ا ک ب ھ ج ی د ع ا ط ب و ج س د ح ا ق ب ن ج
ج ان ا ب ل ق ب ا م ح ج د ص س د ج ر ہ ا ب ک ط ب ا ھ ع ج د ی
ی ج د ا ج ن ع ا ھ ب ال ب ق ط ب ک ا ب م ا ح و ج ر د ج ص د س
س ی د ج ص د ج ا و ج ر ن ج ع و ا ح ھ ا ب م ا ب ل ا ب ک ق ب ط
ط س ب ی ق د ک ج ب ص ا د ل ج ب ا ا د م ج ب ر ا ن ھ ج ح ع ا ہ
و ط ا س ع ب ح ی ج ق ھ د ن ک ا ج ر ب ب ص ج ا م د د ل ا ج ا ب
ب و ا ط ج ا ا س ل ع د ب د ح م ی ا ج ج ق ص ھ ب د ب ن ر ک ج ا
ا ب ج و ک ا ر ط ن ج ب ا د ا ب س ھ ل ص ع ق د ج ب ج د ا ح ی م
م ا ی ب ح ج ا ہ د ک ج ا ب ر ج ط د ن ق ج ع ب ص ا ل د ھ ا س ب
ب م س ا ا ی ھ ب د ح ل ج ا ا ص و ب د ع ک ج ج ق ا ن ب د ر ط ج
ج ب ط م ر س د ا ب ا ن ی ا ھ ق ب ج د ج ح ک ل ع ج د ا ب ا ہ ص
ص ج و ب ا ط ب م ا ر د س ج د ع ا ل ب ک ا ح ا ن ج ی د ا ج ھ ب ق
ق ص ب ج ھ و ج ب ا ا د ط ی ب ج م ن ا ح ر ا د ک س ب ج ل د ا ع
ع ق ا ص د ب ل ج ج ھ ب و س ج ک ب د ا ا ر د ح ط ا ی ن ب م ج
ج ع م ق ب ا ن ص ی د ا ب ط ل ح ج د ج ر ھ ا ب ا ہ ا س د ج ب ک
ک ج ب ع ج م د ق س ب ا ا ن ا ص ب ی ا د ھ ا ر ب ج ط د ل ج ح
ح ک ج ج ل ب د ع ط ج ج م ب د ر ق ا س ھ ب د ا ا ا ی و ب ن ص ا

اح ص ک ن ج ب ج ہ ل ی ب ا د اع اط د ج ب ج ھ م س ب ا د ق ر
راق ح د ص ا ک ب ن س ج م ب ھ ج ج ہ ب ل ج ی د ب ط ا ا د ع ا
ا ر ع ا د ق ا ح ا د ط ص ب ا د ک ی ب ج ن ل س ب ج ہ م ج ب ج ھ
ھ ا ج ر ب ع ج ا م د ہ ق ج ا ب ح س ا ل د ن ط ج ص ب ب ی ا ک د
د ھ ک ا ا ج ی ر ب ب ع ص ج ج ا ط م ن د د ہ ل ق ا ج س ا ح ب
ب د ح ھ ا ک س ا ج ا ا ج ق ی ل ر ہ ب د ب د ب ن ع م ص ط ج ا ج
ج ب ا د ج ح ط ھ ص ا م ک ع س ن ا ب ج د ا ب ا د ج ب ق ہ ی ر ل
ل ا ج ر ب ی ا ہ د ق ج ب ح ج ط د ھ ا ص ب ا ا م د ک ج ع ب س ا ن
ن ل ا ج س ر ب ع ی ج ا ک ہ د د م ق ا ج ا ب ب ح ص ج ا ط ھ د
د ن ھ ل ط ا ا ج ج س ص ر ح ب ب ب ع ا ی ج ج ا ا ق ک م ہ د د
د د د ن ہ ھ م ل ک ط ق ا ا ا ا ج ج ج س ی ص ا ر ع ح ب ب ب
ب د ب د ب ن ح ہ ع ھ ر م ا ل ص ک ی ط س ق ج ا ج ا ج ا
ا ب ج د ا ب ج د ا ب ج ن ق ح س ہ ط ع ی ھ ک ر ص م ل ا
ا ا ل ب م ج ص د ر ا ک ب ھ ج ی د ع ا ط ب ہ ج س د ح ا ق ب ن ج

چال ونقش زحل

چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم					
یا اللہ	ا ب ج د				یا اللہ
ا	۵۵۰۸	۵۵۰۴	۵۴۹۷	۵۵۱۱	ا
ب	۵۴۹۸	۵۵۱۰	۵۵۰۹	۵۵۰۳	ب
ج	۵۵۱۳	۵۴۹۹	۵۵۰۲	۵۵۰۶	ج
د	۵۵۰۱	۵۵۰۷	۵۵۱۲	۵۵۰۰	د
یا اللہ	ا ب ج د				یا اللہ

ساعت عمل

بالحاظ اصول جس کوکب کا شرف یا اوج ہو اس کی ہی ساعت میں عمل تیار کرنا مفید ہوتا ہے تاہم اگر نجوم کی سمجھ ہو تو دیگر ساعتوں میں بھی کام کیا جا سکتا ہے۔ تاہم متعلقہ کوکب کی ساعت میں کام کرنا آسان اور محفوظ راستہ ہے۔

بخور وخوشبو

رال، میعہ سائلی، مرچ سیاہ، رال لوبان، دارچینی، زعفران، عود، خس اور گُل وغیرہ میں سے کچھ اشیاء اپنی مالی حالت یا عمل کی مناسبت سے دوران عمل بطور بخور جلاتے رہیں اور ان میں سے ہی کسی شے کا عطر لوح یا نقش جو بھی تیار کریں، اس کو لگائے یا ذاتی استعمال یا کپڑوں وغیرہ کو لگانے کے لیے کر سکتے ہیں۔

سیاہی

کاغذ پر نقش تحریر کرنے کے لیے زعفران کو پانی یا آب زم زم میں ملا کر زعفرانی سیاہی بنالیں۔ کوشش سے کسی قابل اعتماد فرد سے زعفران لیں، آج کل دو نمبر کا زعفران دکان داروں نے رکھا ہوتا ہے۔ کبھی یہ سستا ہوتا تھا اب مہنگا ہونے کی وجہ سے فساد پیدا ہو گیا ہے۔

ذکر

جو بھی نقش یا لوح تیار کریں اس کے ساتھ تحریر اسماء الحسنٰی کا ذکر گیارہ تسبیحوں کی تعداد میں کم سے کم سات دن تکمیل نقش کے لیے کریں۔ یہ صرف عمل کا ذکر ہے، عمومی ذکر کے لیے یہی ورد چالیس دن تک بھی کیا جا سکتا ہے۔

صدقہ

زحل کے حوالے سے جن اشیاء کو بطور صدقہ دیا جانا چاہیے ان میں ماش، کالے چنے، کھچڑی، مسور، کالا نمک، سادہ روٹی، کالا کپڑا، سبزی، زندہ کالی مرغی یا بکری، سرسوں کا تیل وغیرہ شامل ہیں۔ عمل کی تیاری میں صدقات کا بندوبست کرنا امر لازم ہے۔

نوٹ

کامیابی اور ناکامی اللہ کی مرضی پر ہے۔ آپ کا میرا کام دستیاب وسائل اور معاملات کے ساتھ بہترین طریق پر کام کرنا ہے اور بس۔ سو بعد از عمل اللہ تعالیٰ سے خلوص قلب کے ساتھ دعا کریں کہ وہ آپ کو اُس مقصد میں کامیاب کرے جس کے لیے آپ نے عمل تیار کیا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کی حاجتیں پوری کرے۔

آمین۔

☆☆☆☆☆

شرف قمر

خالد اسحاق راٹھور

شرف قمر ایک ایسا سعد وقت ہے جو ہر ماہ عملیاتی حوالے سے حاصل ہوتا ہے۔ کوکب کوئی بھی ہو اس کی شرفی حالت اس کی سعادت کا باعث بنتی ہے اور عملیاتی حوالے سے ایک ایسے کوائبی وقت کی نشان دہی کرتی ہے جب مسائل کے حل کے حوالے سے حسب ضرورت روحانی اعمال ونقوش تیار کیے جاسکتے ہیں۔

شرف قمر کا وقت تو خاص طور پر متفرق اور متنوع اعمال کے لیے موثر خیال کیا جاتا ہے۔ یعنی کوئی بھی اچھا کام ہو اس کے لیے یہ نہیں دیکھنا پڑتا کہ جاری وقت متعلقہ کواکب سعادت وشرف کا سزاوار ہے کہ نہیں۔ مطلب یہ کہ مالی معاملات کے لیے مشتری، عزت ووقار وشہرت کے لیے شمس، شادی بیاہ کے لیے زہرہ کا شرف موثر خیال کیا جاتا ہے۔ جبکہ شرف قمر کا دورانیہ ایک ایسا موثر عملیاتی وقت ہے کہ آپ کسی بھی فکر کے بغیر قمر کے بنیادی منسوبات کے علاوہ کسی بھی دوسرے کوکب سے منسوب اُمور کی انجام دہی کر سکتے ہیں۔

> ہر ماہ آنے والا ایک سعد اور پُر اثر وقت جس سے ہر کوئی فائدہ اٹھاسکتا ہے۔

اس قمری سعادت کی وجہ سے کسی بھی اعمال خیر کی تیاری کے لیے طویل وقت انتظار کی کیفیت میں بسر نہیں کرنا پڑتا۔ شرف مشتری میں کوئی عمل تیار کرنا چاہیں بارہ سال انتظار کریں۔ شرف زحل کی طاقت سے فائدہ اٹھانے کے خواہش مند ہوں تو تیس سال انتظار کریں۔ لیکن عملی طور پر یہ ممکن نہیں ہوتا کہ کسی عمل کی تیاری کے لیے ایک سال یا تیس سال تک انتظار کیا جائے۔ ایسی صورت حال میں شرف قمر کا وقت ایسا بار بار واقع ہونے والا موثر وقت ہے جس سے بلا پریشانی فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ قمر کے ذاتی منسوبات کے علاوہ انسانی زندگی کے وہ تمام اموارت جن کو مثبت کہا جاسکتا ہے اِن کے لیے شرف قمر کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ شرف قمر صرف ذاتی طور پر ہی نہیں دیگر کواکب کے حوالے سے بھی موثریت کا حامل ہے۔

سطور ذیل میں بالترتیب اُن نقوش و الواح کو بیان کیا جا رہا ہے جو ادارہ ''راہنمائے عملیات'' طویل عرصے سے تیار کر رہا ہے اور اِن کی موثریت مسلمہ امر ہے۔ راہنمائے عملیات کے ہر قاری کے لیے اِن الواح کے بیان کا مقصد یہ ہے کہ اگر وہ اس سعد گھڑی سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تو پھر اِن نقوش والواح کو خود تیار کرلیں اور اگر اُن کو عملیات کی سمجھ نہیں تو ادارہ ''راہنمائے عملیات'' سے اِن الواح ونقوش کو حاصل کر سکتے ہیں۔

لوح شرف قمر واوج قمر

قمری منسوبات کو ذیل میں بیان کیا جا رہا ہے۔ یعنی ایسے اُمور جن کے لیے شرف یا اوج قمر کے پُر سعادت وقت میں عملیات تیار کیے جاسکتے ہیں۔

لوح شرف قمر

شرف قمر کا انتہائی سعد اور ہبوط قمر کا انتہائی نحس وقت ہر ماہ آتا ہے۔ دوران گردش جب قمر حالت شرف میں ہوتا ہے تو اس وقت ہر قسم کے نیک وسعد اعمال تیار کیے جاتے ہیں اور جب قمر حالت ہبوط میں ہوتا ہے تو ہر قسم کے نحس وبندش کے اعمال تیار کیے جاتے ہیں۔ آپ بھی اپنی ضرورت کے مطابق ان اوقات سے فائدہ اٹھانے کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔ شرف قمر کے اوقات میں تیار کردہ نقوش والواح ہر قسم کے کاموں کے لیے موثر ہیں۔ سو اِن کی تفصیل کی یہاں ضرورت نہیں جو بھی نیک مقصد ہو اس کے لیے اس سعد وقت سے فائدہ اٹھالیں۔

شرف یا اوج کسی بھی کوکب کا ہو، اثرات تو اس کے متعلقہ کوکب کے حوالے سے ہوتے ہیں لیکن اس کی موثریت اپنی جگہ اہم اور مستند خیال کی جاتی ہے۔ کوکب کا شرف یا اوج میں ہونا اس کے تحت تیار کردہ عملیات کو اثر انداز اور کامیاب بنا دیتا ہے۔ اس حوالے سے جو نقش تیار کیا جاتا ہے ذیل میں بمعہ چال دیا جا رہا ہے۔

روزمرہ زندگی کے معاملات اپنی اصل میں کسی بھی کوکب کے تحت

آتے ہوں لیکن جب ہم عمومی صورت حال کی بات کرتے ہیں تو روزانہ کی بنیاد پر قمری اثرات سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے اثرات اس قدر اور موثر ہوتے ہیں کہ تمام تر معاملات زندگی روزانہ کی بنیاد پر اس کے تحت لیے جاتے ہیں۔ باوجود موثریت کے اس کے اثرات میں استحکام نہیں ہوتا۔ تیز سے بدلی صورت حال اس کا خاصہ ہے۔ وہ جو روزمرہ زندگی میں بلاوجہ ایک کے بعد دوسرے مسئلہ یا پریشانی کا شکار رہتے ہیں بنیادی طور قمر کی نحوست سے متاثر ہو رہے ہوتے ہیں۔ دراصل قمری نحوست کسی ایک خاص سمت اثر انداز نہیں ہوتی بلکہ مختلف سمتوں میں اپنے اثرات دکھاتی ہے۔ طویل عرصہ کی رکاوٹ جس طرح زحل کے تحت آتی ہے اس طرح مختصر عرصے کی اور بار بار یا چھوٹے بڑے وقفوں سے آنے والی رکاوٹ اور پریشانی کا باعث قمری نحوست ہوتی ہے۔

روزانہ آمدنی کے حوالے سے پریشانی ہوتی ہو، روزمرہ کا خرچہ نہ بنتا ہو یا جیسے ذاتی کام یا کاروبار وغیرہ میں روزانہ کی بنیاد پر کام کرنے کے نتیجے میں اتنی آمدنی نہیں ہوتی کہ روزانہ کا خرچہ پورا ہو سکے تو ان کو لوح قمر کی ضرورت ہوگی۔ عموماً دیکھا گیا ہے کہ کاروبار یا کام بظاہر کافی اچھا ہوتا ہے لیکن روزانہ کی بنیاد پر مناسب آمدنی کا حصول نہیں ہوتا اور سب کچھ ہوتے ہوئے بھی پریشانی اور مالی تنگی محسوس ہوتی ہے۔ یہ سب قمری اثرات کا کرشمہ ہے اور الواح قمر کا مناسب استعمال اس قسم کے مسائل کا واحد حل ہے۔

چال نقش قمر بادی

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش قمر

یا اللہ یا باری یا باسط

یا ودود یا رافع

۲۵۳	۲۴۹	۲۴۲	۲۵۶
۲۴۳	۲۵۵	۲۵۴	۲۴۸
۲۵۸	۲۴۴	۲۴۷	۲۵۱
۲۴۶	۲۵۲	۲۵۷	۲۴۵

وہ جو عملیات کی سمجھ رکھتے ہیں خود یہ نقش تیار کر لیں اور جو ادارے سے طلب کرنا چاہئیں وہ ہدیہ ارسال کر کے اس نقش و لوح سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ مندرجہ بالا نقش وہ ہے جو سب سے زیادہ میرے ذاتی استعمال میں ہے اور لاتعداد لوگ اس کی سعادت سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔

لوح قمر برائے اپاؤ

قمر کی نحوست اپنے اندر ایسا اثر رکھتی ہے کہ ہر صاحب علم اس کو مانتا اور سمجھتا ہے۔ سطور ذیل میں اس حوالے سے واقع ہونے والے اثرات کا بیان ہے تاکہ ہر فرد سمجھ سکے کہ کیا وہ تو نہیں قمر کی نحوست کا شکار ہے۔

لوح رفع نحوست قمر

قمر کی نحوست سب سے زیادہ شیر خوار بچے کی نشوونما کو متاثر کرتی ہے۔ وہ بچے جو کمزور رہ جاتے ہیں یا وہ جو عمر میں تو بڑے ہو جاتے ہیں مگر بنیادی طور پر مختلف یا کسی ایک عضو کی کمزوری کا شکار ہو جاتے ہیں تو ان کے زائچہ پیدائش میں قمر نحوست کا شکار ہوتا ہے۔ ایسے تمام افراد جن کو اپنے جذبات پر قابو نہیں رہتا اور ان کے ذہن کے اندر خیالات کے مختلف دھارے چلتے رہتے ہیں وہ بھی نحوست قمر کا شکار ہوتے ہیں۔ جو لوگ کسی نہ کسی طور پر مائع، پانی، تیل یا سفری امور سے متعلق کاروبار کر رہے ہیں یا ان شعبوں میں ملازمت کر رہے ہیں جیسے جہاز رانی، مشروب سازی، ہوٹل وغیرہ تو وہ متعلقہ معاملات میں مسائل کا شکار ہیں تو وہ اپنے زائچہ پیدائش میں موجود قمر کی نحوست کو دور کرنے کے لیے خصوصی لوح رفع نحوست قمر حاصل کریں اور کامیابی کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔ وہ لوگ جن کو روزمرہ امور میں روزانہ یا ہر دوسرے تیسرے دن کسی نہ کسی مسئلہ کا سامنا ہوتا ہے اور روزمرہ اُمور انجام دہی چاہے گھر ہو یا دفتر مشکل ہو جاتی ہے، وہ بھی درحقیقت قمری نحوست کا شکار ہوتے ہیں۔

اس حوالے سے نقش تیار کرنا نسبتاً مشکل کام ہے کیونکہ اس قسم کے نقش میں صرف شرفی یا اوجی طاقت ہی نہیں مدنظر رکھی جاتی بلکہ دیگر نجومی کلیات کو مدنظر رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ عملیاتی سمجھ بوجھ بھی بہت ضروری ہے جو کہ اوسط درجے کے عامل یا نجومی کے بس میں نہیں۔ اس حوالے سے اگر فرد کے ذاتی زائچہ کو مدنظر رکھا جائے تو زیادہ بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

سطور ذیل میں قارئین راہنمائے عملیات کے لیے خاص نقش بمعہ چال بحوالہ نحوست قمر تحریر ہے، جو مہارت رکھتے ہیں تیار کر سکتے ہیں۔ باقی ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

چال نقش قمر بادی

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷

١٦	٣	٢	٩
٥	١٠	١٥	٤

نقش قمر

یانافع یا قائم یا سلام

یامعین یا رشید

٤٢٤	٤١٦	٤١٨	٤١٣
٤١٠	٤٢١	٤١٥	٤٢٥
٤١٧	٤٢٣	٤١٢	٤١٩
٤٢٠	٤١١	٤٢٦	٤١٤

یامعین یا رشید

اس مبارک، سعد اور پُر اثر وقت سے آپ بھی فائدہ اٹھا سکتے ہے۔

سہ جہتی طلسم قمر

یہ طلسم بنیادی طور پر تین الگ الگ امورات کی بنیاد پر بنایا گیا ہے۔ اس لیے اس کو "سہ جہتی طلسم" کا نام دیا گیا ہے۔ یہ طلسم تین امورات پر مشتمل ہے:

1- پہلا حصہ قدیم ترین عددی نقش پر مشتمل ہے، جو قدیم اقوام نے عددی حوالے سے قمر سے منسوب کیا ہے۔ اس کی درست تاریخ یا زمانہ نامعلوم ہے۔

2- دوسرا حصہ ایک خاص طلسماتی شکل ہے جو نامعلوم زمانوں سے قمر سے منسوب ہے اور اس کے طلسم کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

3- تیسرا حصہ اُن اسماء الحسنی پر مشتمل ہے جو اس نقش کے چہار اطراف شامل کیے گئے ہیں۔ یہ اسماء قمر سے متعلق معاملات کے حل کے حوالے سے لیے گئے ہیں۔

اِن تینوں امورات نے مل کر اس سہ جہتی طلسم قمر کو ایک ایسا شاہکار بنا دیا جو غیر معمولی روحانی، عملیاتی، طلسماتی اور اسلامی قوتوں کو لیے ہوئے ہے۔

سہ جہتی نقش قمر

طلسم سہ جہتی طلسم قمر جو نقش کی پشت پر ہے۔



یااللہ یانور یافتاح یاسلام یامومن یانافع یاہادی یاحفیظ یامعز

یااللہ یاہادی یابصیر یارقیب یاحی یابر یامجیب یالطیف

٣٧	٧٨	٢٩	٧٠	٢١	٦٢	١٣	٥٤	٥
٦	٣٨	٧٩	٣٠	٧١	٢٢	٦٣	١٤	٤٦
٤٧	٧	٣٩	٨٠	٣١	٧٢	٢٣	٥٥	١٥
١٦	٤٨	٨	٤٠	٨١	٣٢	٦٤	٢٤	٥٦
٥٧	١٧	٤٩	٩	٤١	٧٣	٣٣	٦٥	٢٥
٢٦	٥٨	١٨	٥٠	١	٤٢	٧٤	٣٤	٦٦
٦٧	٢٧	٥٩	١٠	٥١	٢	٤٣	٧٥	٣٥
٣٦	٦٨	١٩	٦٠	١١	٥٢	٣	٤٤	٧٦
٧٧	٢٨	٦٩	٢٠	٦١	١٢	٥٣	٤	٤٥

یااللہ یانور یافتاح یاسلام یامومن یانافع یاہادی یاحفیظ یامعز یااللہ

قمر کا سہ جہتی طلسم جن امور کے لیے موثر ہے اِن کا بیان ذیل میں کیا جا رہا ہے۔

سہ جہتی طلسم قمر

دیگر طلاسم کی نسبت طلسم قمر میں ایک خصوصی بات یہ ہے کہ اس کی تیاری کا سعد وقت ہر ماہ دو یا دو سے زائد مواقع پر ضرور مل سکتا ہے۔ وہ لوگ جو رات کو ڈرتے ہیں یا اندھیرے سے خوف کھاتے ہیں یا اِن کو اکیلے میں سحری یا ہمزاد یا ایسی کسی مخلوق کی موجودگی محسوس ہوتی ہے۔ اِن کے لیے طلسم قمر حد درجہ مناسب رہے گا۔ ایسی امراض جن کا زور رات کے وقت ہوتا ہے۔ اِن کے علاج یا رد کے لیے بھی یہ موثر ہے۔ ڈراونے خواب پریشان کن رات وغیرہ جیسے معاملات کے لیے بھی اس سے فائدہ اُٹھایا جا سکتا

ہے۔ وہ لوگ جو پانی‘ دریا یا سمندر سے متعلق ہوں وہ بھی اس کے زیر اثر آتے ہیں۔ علوم مخفی سے متعلق وہ لوگ جو پیشن گوئی کی صلاحیت کو ترقی دینا چاہیں یا چاہیں کہ سائل کے سامنے آتے ہی وہ چھٹی حس کی مدد سے جواب دینے کے قابل ہو جائیں۔ اِسی طرح نجوم‘ رمل‘ جفر اعداد وغیرہ کا حساب کرنے والوں کے لیے بھی یہ مفید ہے۔ وہ جو عجیب وغریب واہموں کا شکار ہوں۔ ذہن میں مختلف خوف دوڑتے رہتے ہوں۔ طبیعت بلاوجہ بھاری اور مزاج اکھڑا اکھڑا رہتا ہو۔ دل میں خوف بیٹھا ہو اور بلا کسی وجہ کے پریشانی کا شکار ہوں، دراصل اِن تمام اور ملتی جلتی حالتوں میں اس طلسم کا استعمال مفید ثابت ہوگا۔

اس طلسم کا ایک بڑا استعمال خواتین کے مسائل کے حل اور ایسے امراض صحت سے متعلق ہے جو خواتین کے خصوصی امراض کہلاتے ہیں۔ ایسے لوگ جو جیولز کے شعبہ سے متعلق ہوں یا زیادہ سفر کرتے ہوں یا کام وغیرہ کے حوالے سے بہت لوگوں سے میل ملاپ رہتا ہے اور لوگوں کی توجہ یا ان سے مفاہمت یا ان سے مضبوط تعلق یا ان کے رجوع و تسخیر کی ضرورت ہو سب ہی اُمور میں فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے۔ مذہبی معاملات سے متعلق لوگ اور مذہبی سفر کے لیے بھی اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ تخیل کو طاقت دینے یا ایسے کام کرنے والے جہاں نئے نئے آئیڈیاز کی ضرورت ہو کے لیے بھی یہ مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ روزمرہ اُمور میں آسودگی اور خرچہ کے حصول میں آسانی کے لیے بھی طلسم قمر کو استعمال کیا جاتا ہے۔

نقش قمر نورانی

راہنمائے عملیات میں حروف نورانی کے حوالے سے مختلف کواکب سے متعلق نقوش دیئے گئے تھے، جن کو قارئین کی ایک بڑی تعداد نے پسند بھی کیا اور استعمال بھی اور اِن کی موثریت کی تعریف بھی کی۔ سو زیر بحث عمل بحوالہ قمر ذیل میں دیا جا رہا ہے۔

اگر کسی سے اُس کا مطلوب ناراض ہو ہفتہ کے دن بارہ بجے کسی سرسبز درخت کی مٹی کا پتلا بنائیں۔ تعویذ پتلے کے پیٹ میں رکھ کر اسی درخت کے نیچے دفن کریں جہاں سے مٹی لی تھی۔ نام طالب و مطلوب ضرور تحریر کریں اگر مطلوب مرد ہے تو پتلا مرد کی شکل کا بنے گا اگر عورت ہے تو عورت کی شکل کا بنے گا پتلا بنانے اور دفن کرنے کا ٹائم اور دن ایک ہی ہے۔

منتر برائے حُب

اُوم یا جل کی جوگنی پاتال کا بھیروں جس پہ پھینکوں اُس کو لاگ نہ سوتے سکھ نہ بیٹھے سکھ ضرضر دیکھے میرا کلھ میری باندی چھوٹے تو بابا نرسنگھ کی جٹا چھوٹے۔

یہ منتررات کو بارہ بجے 21 بار اکیس روز تک چراغ جلا کر پڑھے گوگل اور دھوپ کی دھونی دے میٹرو سیون اگربتی استعمال کریں۔ 21 یوم بعد کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر مطلوب کو کھلا دیں۔

منتر برائے حب

گوری سرسوں باگن بنتی لگی آگ فلانی کے رکویح پر گتھاں جس گھر گھتان مُنھ بھر بھوت مچاواں تس گھر بھُن فلاں داتھا بُھن فلانی داتھا بُھن فلان داکپال جاگ بے

بقیہ صفحہ نمبر 181 پر........

Scanned with CamScanner

فیضِ اسمِ مقدس

یونس مانسہروی

تمام تعریف اور ذکر و عبادت اس کے لیے جو رب العالمین ہے۔ بے حد درود و سلام اس ہستی مکرم کے لیے جو رحمت اللعالمین ہے۔ سب سے پہلے خالد روحانی جنتری کے بارے میں چند الفاظ عرض کریں گے کہ مضامین، اعمال، طباعت اور حسن و دلکشی میں خالد روحانی جنتری سب سے ممتاز و منفرد ہے۔ اور اس قابل ہے کہ عوام ہی نہیں خواص بھی اس کا مطالعہ کر کے اس سے روحانی فیض اور سکون حاصل کریں۔

اب آیئے عمل کی طرف۔ یہ عمل بہت سی کتابوں میں مختلف طریقے سے درج ہے لیکن ہم نے طویل تجربے اور تحقیق کے بعد جس طرح اسے ترتیب دیا ہے یہ ترتیب کسی کتاب میں نہیں ہے۔ اعمال کے سلسلہ میں چند بنیادی باتوں پر توجہ دینا اور ان پر عمل کرنا لازمی ہے۔ بعض لوگ خود اپنے لیے نقش بناتے ہیں۔ ورد کرتے نہیں یا ضرورت مند سائلوں کو بتاتے ہیں اگر چند دن میں کوئی فائدہ نہ ہو، نقش یا ورد کا کوئی نتیجہ سامنے نہ آئے تو بددل ہو کر یا تو نقش اُتار کر ضائع کر دیتے ہیں یا پھر ورد پڑھنا بند کر دیتے ہیں۔ ایسے لوگ یہ نہیں سوچتے کہ اپنے اعمال کیسے ہیں۔ نہ باقاعدگی اور پابندی سے نماز پڑھنا۔ نہ قرآن مقدس کی تلاوت کرنا اور نہ درود پاک ورد کرنا اور اس کے باوجود نقش یا ورد کا جلد از جلد فیض چاہتے ہیں تو ایسا نہیں ہوتا۔ نقش لکھنے یا ورد و وظائف کرنے کے لیے اولیائے کرام، بزرگان دین اور عامل حضرات نے کچھ شرائط اور آداب مقرر کیے ہیں۔ اور جب تک ان آداب و شرائط کی پابندی نہ کی جائے کسی چیز سے کوئی فیض حاصل نہ ہوگا، بلکہ بعض اوقات رجعت ہو کر شدید نقصان پہنچتا ہے۔ ہم اپنی طویل تحقیق اور تلاش و تجربہ کا نچوڑ اللہ تعالیٰ جلّ شانہ کے پیش کر رہے ہیں۔

آداب و شرائط کی پابندی اور انتہائی عقیدت اور یقین کامل کے ساتھ کریں اور اس اسم مقدس کی تاثیر، عظمت اور برکت کا نظارہ کریں۔

"یا مُغنی" نوچندی جمعرات سے گیارہ سو مرتبہ بعد نماز عشاء ورد کریں۔ نوے دن تک ورد کرنا ہے۔ آخری دن ورد کر کے نقش لکھ لیں اور نوے دن پورے ہونے کے بعد روزانہ بعد نماز عشاء سو مرتبہ ورد کریں۔

نقش خود استعمال کریں یا کسی کو دے دیں۔ آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ جس مقصد کے لیے نقش دیں گے۔ وہ پورا ہوگا۔
نقش یہ ہے۔ کونے کے ہندسے چال کے ہیں، انہیں نقش میں نہ لکھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٢٧۵ (١	٢٨٩ (١۴	٢٨۵ (١١	٢٨٢ (٨
٢٨٦ (١٢	٢٨١ (٧	٢٧٦ (٢	٢٨٨ (١٣
٢٨٠ (٦	٢٨٣ (٩	٢٩١ (١٦	٢٧٧ (٣
٢٩٠ (١۵	٢٧٨ (۴	٢٧٩ (۵	٢٨۴ (١٠

☆☆☆☆☆

جائز محبت کے واسطے

گلفام علی حسینی شاہ

مغز بادام جو آپس میں جڑواں ہو لے کر ان کا ایک ٹکڑا اپنے نام کا تصور کریں اور دوسرا مطلوب کا تصور کریں اور دونوں ٹکڑوں پر سورۃ یٰسین گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف دم کریں اور دل لگا کر خداوند عالم سے دعا کریں کہ اے اللہ جس طرح یہ بادام آپس میں ملے ہوئے ہیں مطلوب کا نام لے کر کہے کہ مجھے بھی اس طرح ملا دے پھر اس کو سبز ریشمی کپڑے سے خوب مضبوط باندھیں۔ پھر بطور نقش درخت امرود میں لٹکائیں اور اس کے نیچے بیٹھ کر ایک بارہ سورۃ یٰسین پڑھے اور کہے یا اللہ فلاں بن فلاں حاضر ہو۔

نوٹ: میٹھے انار کی شاخ سے بھی باندھ سکتے ہیں۔ تین روز تک لگاتار یا 9 روز تک لگاتار اسی شاخ کے نیچے سورۃ یٰسین پڑھیں۔ مطلوب طالب بن جائے گا۔ ہر وقت مطلوب کا تصور کیے رکھیں۔

☆☆☆☆☆

عمل حب

عامل ریاض احمد شہزاد

خالد روحانی جنتری میں یہ میرا پہلا عمل ہے۔ اور یہ عمل آج تک میں نے کسی روحانی جنتری اور نہ ہی روحانی رسائل میں بھیجا ہے۔

اعمال میں یہ عمل خاص و خاص ہے۔ قواعد عملیات کے ساتھ عمل کیا جائے تو انشاء اللہ کامیابی یقینی ہے۔

نام طالب فراز سلیم بن کنیز بی بی

اعداد قمری.....................591

آیت حب سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 39

اعداد قمری.....................2123

میزان.....................2714

نام مطلوب سعدیہ یوسف بنت خدیجہ بیگم

اعداد قمری.....................1451

آیت حب۔ سورۃ بقرہ آیت نمبر 165

اعداد قمری.....................1493

میزان.....................2944

آتشی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

خاکی چال

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش طالب و مطلوب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۶۷۸/ ۷۳۷	۶۸۱/ ۷۳۳	۶۸۴/ ۷۳۰	۶۷۱/ ۷۴۴
۶۸۳/ ۷۳۴	۶۷۲/ ۷۴۰	۶۷۷/ ۷۴۱	۶۸۲/ ۷۲۹
۶۷۳/ ۷۴۲	۶۸۶/ ۷۲۸	۶۷۹/ ۷۳۵	۶۷۶/ ۷۳۹
۶۸۰/ ۷۳۱	۶۷۵/ ۷۴۳	۶۷۴/ ۷۳۸	۶۸۵/ ۷۳۲

میکائیل

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

الحب فراز سلیم بن کنیز بی بی علیٰ حب سعدیہ یوسف بنت خدیجہ بیگم بحق این نقش العجل الساعۃ الوحا

اس عمل میں مربع مکرر استعمال ہوگا۔ یعنی ایک ہی مربع نقش میں طالب کے اعداد معہ سورہ طٰہٰ آیت حب کے اعداد پُر کیے جائیں گے۔

اور دوسری آیت حب میں مطلوب کے اعداد شامل کر کے علیحدہ مربع پُر ہوگا۔ اس ایک مربع میں دو مربع بنائے گئے ہیں۔ تاکہ طالب اور مطلوب دونوں یک جان دو قالب ہو جائیں۔ تاکہ دونوں کے دل ایک ساتھ دھڑکیں اور مطلوب طالب بن کر کبھی ساتھ نہ چھوڑے۔

نقش تیار کرنے کا طریقہ:

کل اعداد میں سے منفی 30 کریں۔ چار پر تقسیم کریں۔ خارج قسمت کو خانہ اول سے خانہ شانزدہم (16) تک بر ترتیب پُر کرتے جائیں۔

اگر باقی کچھ بچے تو کسر کو ان خانوں میں ڈالیں۔

مثلاً باقی ایک بچے تو خانہ نمبر 13 میں ایک عدد کا اضافہ کریں۔ اگر باقی 2 بچے تو خانہ نمبر 9 میں ایک عدد کا اضافہ کرنا ہے۔ اگر باقی 3 بچے تو خانہ نمبر 5 میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔ مثلاً اس عمل میں طالب اعداد 2714 آئے ہیں۔

باقی 2 بچا۔ کسر کو یعنی باقی 2 کو خانہ نمبر 9 میں ایک عدد کا اضافہ کریں گے۔ اس نقش کی چال آتشی اور خاکی ہے۔ طالب کا نقش آتشی چال سے اور

مطلوب کا نقش خاکی چال سے پُر ہوگا۔ طالب کے نقش کی انتہا اور مطلوب کے نقش کی ابتدا ہوگی اس لیے اس نقش کو نقش غالب و مغلوب کا نام دیا گیا ہے۔ طالب کو غالب اور مطلوب کو مغلوب کر دیا گیا ہے۔

نقش کو تیار کرنے کا وقت

عروج قمری ماہ نوچندی جمعرات و جمعہ ساعت مشتری یا زہرہ اول ساعت لیں۔ نقش لکھتے وقت منہ میں میٹھی چیز رکھیں۔ رجال الغیب کا خیال رکھیں۔ قلم نیا سیاہی زعفرانی پاک صاف کپڑے، بخور اور خوشبو ستارہ کی مناسبت سے استعمال کریں۔

ستاروں کی بخورات

زمردی بخور۔ زعفران۔ صندل سفید۔ کافور۔ عنبر مشک۔ شنگرف۔

متعلقہ بخور

صندل سرخ۔ عود۔ عنبر۔ حب الغاد۔ ناگرموتھا۔ جدوار

قمر کی بخور

لوبان۔ کافور۔ صندلین۔ عود۔

عطارد کی بخور

مصطگی۔ لوبان۔ گوگل۔ چنبیلی کی جڑ۔ صندل سرخ، بادام کا چھلکا

اعمال حُب میں عود، مشک، صندل اور ستارہ کے متعلق کوئی ایک چیز ملائی جاسکتی ہے۔ جس ستارہ کی ساعت میں کام کریں اُس ستارہ کی خوشبو کا استعمال کریں۔ یعنی نقش پر خوشبو لگائیں۔ اگر دو ستاروں کی نظرات میں کام کرنا ہو تو ان دو ستاروں کی بخور اور خوشبو کا استعمال کریں۔ حب کے عمل میں درج ذیل نظرات میں قمر با زہرہ۔ تسدیس یا تثلیث۔ قمر یا عطارد (تسدیس یا تثلیث)۔ عطارد با زہرہ (تسدیس یا تثلیث)۔ زہرہ مریخ (تسدیس یا تثلیث)۔ زہرہ با مشتری (تسدیس یا تثلیث)۔ قران۔ قمر با زہرہ۔ عطارد با زہرہ۔ زہرہ با مشتری۔

یاد رکھیں ہر کوئی نظر موثر نہیں ہوتی۔ اس لیے ادارہ راہنمائے عملیات سے معلومات حاصل کریں یا پھر ماہنامہ راہنمائے عملیات کا مطالعہ ضرور کریں۔

نقش چار عدد لکھیں۔ ایک اپنے پاس بازو پر باندھیں۔ ایک وزن کے نیچے۔ ایک آگ کے نیچے یا بلب پر رکھیں یعنی حرارت پہنچتی رہے۔ ایک

کا فلیتہ بنا کر محبوب کے مکان کی طرف منہ کر کے جلائیں۔ (چنبیلی کے تیل میں) اگر پلا سکتے ہیں تو ایک عدد اور نقش لکھیں اور پلا دیں۔ انشاء اللہ کامیابی قدم چومے گی۔ اس عمل کی اجازت جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب یا عبدالباسط راٹھور صاحب سے لیں یا ادارہ سے تیار کروا سکتے ہیں۔

عملیات حُب

جاگ بیر انگیا بتیال جس کو لاواں تس بھڑک لاگ کالا گورا کھیترپال چاند یا سورج گرہن میں 501 بار پہلے دائیں ہاتھ پھر بائیں ہاتھ میں سرسوں لے کر پڑھیں یا پھر نوچندی منگل کر کے اکتالیس یوم عمل کریں۔ سرسوں مطلوب کے گھر ڈال دیں بعد میں ایک سو ایک بار پڑھیں۔

منتر برائے حب

بارہ سرسوں تیرا رائی ہلٹ کی مٹی توے کی شیاہی چارے چیزاں میرے گرونے بند کرائی محبت کراں میں محبت کرے جگا پڑھ پڑھ ماراں کنکری پٹی ڈیکے راہ۔

بارہ دانے سرسوں اور تیرہ دانے رائی کنویں یا دریا کی مٹی اور مسان کی راکھ پر نوچندی اتوار کو یہ چاروں چیزیں لا کر یہ منتر 84 بار پڑھ کر مطلوب کے اُوپر ڈال دیں جب جدا کرنا ہو پٹی راہ تک پڑھیں لفظ اڈیکے نہیں پڑھنا۔

400 سے زائد پرانی اور نایاب کتب علوم مخفی کی مختلف شاخوں پر ادارے کے پاس موجود ہیں، تفصیلی فہرست شامل ہے۔ آپ بھی اپنی پسند کی کتاب حاصل کر سکتے ہیں

استخارہ پرائز بانڈ

حکیم نعیم الحسن

یہ حاضرات کسی کرامت سے کم نہیں کیونکہ یہ الہامی حاضرات ہے اس حاضرات کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے اور عاشقان بانڈز، ریس وسٹہ کے لیے یہ ایک گوہر نایاب ہے۔ جس کی مثال ملنا بہت مشکل ہے۔ وہ خواتین و حضرات جو اپنی جوان لڑکیوں کی شادی نہیں کر سکتے یا وہ لوگ جو قرض کے بوجھ تلے دبے جا رہے ہیں اور قرضہ کسی بھی صورت میں اُترتا نظر نہیں آتا یا وہ لوگ جو کاروبار کرنا چاہتے ہوں، وہ اس حاضرات سے ضرور فائدہ اٹھائیں تاہم ہر شخص اس حاضرات سے فیض یاب نہیں ہو سکتا۔ کوئی شخص شوقیہ نمبرز کھیلتا یا لیتا ہے اور خوشحال ہے وہ زندگی بھر اس عمل سے فیض نہیں اُٹھا سکتا۔ نقش یہ ہے۔

یامیکائیل	۷۸۶		یاجبرائیل
۲۰۸	۲۱۲	۲۱۵	۲۰۱
۲۱۴	۲۰۲	۲۰۷	۲۱۳
۲۰۳	۲۱۷	۲۱۰	۲۰۶
۲۱۱	۲۰۵	۲۰۴	۲۱۶
یاعزرائیل			یااسرائیل

طریقہ عمل کا یہ ہے:-

عروج ماہ نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء اس عزیمت کو ایاک نعبد و ایاک نستعین ط روزانہ 836 مرتبہ 17 دن تک زکوۃ ادا کریں۔ بعد میں روزانہ 8 مرتبہ ورد میں رکھیں۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اب جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے کسی طفل نابالغ کو نقش کے سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں اور عامل بچہ اور نقش پر ایاک نعبد و ایاک نستعین ط 28 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ تھوڑی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس کے ذریعے آپ بانڈ، سٹہ یا دیگر بین الاقوامی لاٹریوں کے بارے میں بچے کے توسط سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

دیگر استخارہ کے لیے بھی بہت کارآمد ہے طریقہ یہ ہے۔ آپ جب بھی بانڈ نمبر سٹہ کا نمبر یا ریس کے متعلق معلومات کرنا چاہیں تو بعد نماز عشاء 2 رکعت نماز نفل برائے حاجت پڑھیں پھر مذکورہ بالا آیت 836 مرتبہ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور تصوراً اپنے مدعا کا کرتے ہوئے سو جائیں۔ اس طرح عمل کو متواتر تین یوم کریں۔ انشاء اللہ خواب میں ہر صورت میں آپ کی دلی مراد بر آئے گی۔ واقعی لاجواب و قابل قدر تحفہ ہے۔

صفحہ آپ کا

کلوز ہمارا

معصوم علی سعید

اس مرتبہ خالد روحانی جنتری کے لیے ایک خاص مضمون لکھا ہے۔ جس کے ذریعے آپ صرف اور صرف صفحہ حاصل کریں اور کلوز کے لیے آپ اس مضمون کی مدد سے آکڑہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ آپ اپنے صفحے فائنل کر کے اس جدول میں سے کلوز لے کر آکڑہ مکمل کر سکتے ہیں۔ صفحہ کے لیے آپ ہماری نئی کتاب انعامی کرشمات سے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ اس میں ڈراٹو ڈرا، شہر ٹو شہر اور ایک نایاب لکی جدول دی گئی ہے۔ جس کے ذریعے آپ اپنا صفحہ فائنل کر سکتے ہیں۔ صفحہ انعامی کرشمات سے اور کلوز اس مضمون سے حاصل کریں۔ آکڑہ فائنل کریں۔

مزید راہنمائے کے لیے آپ ادارہ سے رجوع کر سکتے ہیں۔

کلوز کے لیے لکی جدول بمعہ لکی بنڈل

صفحے	لکی آکڑے	لکی بنڈل
0	01-06-04-09	016-067-049-097
1	10-12-14-16	102-126-147-165
2	23-26-27-29	234-265-279-298
3	31-34-36-37	312-345-367-378
4	41-45-47-49	413-457-478-495
5	51-54-56-59	512-544-567-598
6	61-64-67-69	612-647-675-694
7	71-73-76-79	712-733-765-796
8	83-86-80-89	835-867-802-894
9	91-94-95-97	914-945=956-978

☆☆☆☆☆

Scanned with CamScanner

عملیاتِ کشف و حاضرات و تسخیر

محمد عمران بشیر

حاضرات اسم ذات اللہ

اسم ذات اللہ ساری کائنات پر حاوی ہے۔ اس اسم کی ریاضتوں میں کائنات کے اسرار وراز پوشیدہ ہیں۔ اس اسم کی ریاضت سے روحانی طاقت میں زبردست اضافہ ہوتا ہے۔

ایک آئینہ 4X8 کا لیں اس میں اسم ذات خوش خط اللہ لکھیں۔ بعد نماز عشاء اگربتی سلگا کر اسم اللہ کا ورد کریں۔

اسم ذات کو غور سے دیکھتے رہیں جب عمل کرتے چند دن ہو جائیں گے تو اسم ذات اللہ سے نور نکلنا شروع ہوگا۔ آپ کا سرسُن ہوتا جائے گا آخری دنوں میں پورا آئینہ روشن ہو جائے گا۔ اس عمل سے آپ کو روشن ضمیری کی صلاحیت حاصل ہوگی۔ ماضی و مستقبل حال کی طرح معلوم ہو جاتا ہے۔ یہ عمل روحانی رازوں کا خزانہ ہے۔ اس عمل سے آپ کو دور دراز کی خبریں بھی معلوم ہوں گی۔ درخت اور جانور اس ذکر کو کرتے ہوئے نظر آئیں گے۔

طلسمی تحفہ

جو شخص ان طلسمی حروف کی طاقت سے فائدہ اٹھانا چاہے وہ شخص ان حروف کو شرف قمر میں کسی کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ جس کام یا مقصد کے لیے ان حروف کو لکھیں گے وہ کام یا مقصد پورا ہوگا۔ شرف قمر کا چارٹ خالد روحانی جنتری میں موجود ہے۔ ہر شخص کو اپنے استعمال کے لیے اجازت ہے۔

· F ح 'T X · ما ·

ح ر · F · ح ۲ F

· ح F ر · · ع

کشف القبور کا آسان عمل

کشف القبور کا مطلب ہے کہ مرنے کے بعد جس مقام پر روحیں رہتی ہیں وہ روحیں وہاں پر کس حال میں ہیں۔ ان روحوں سے ملاقات کے عمل کو کشف القبور کہتے ہیں۔ جو شخص ان روحوں کو دیکھنا چاہے یا ان سے ملاقات کرنا چاہے وہ شخص **"یا ظاہر یا باطن"** گیارہ سو بار ہر روز توجہ کے ساتھ پڑھے، چند دن کے بعد باطنی صلاحیت بیدار ہونا شروع ہو جائے گی۔

تسخیر ہمزاد

یا جبرائیل احضرو باذن اللہ ھمزاد حاضر شود

نوچندی جمعرات سے بعد نماز عشاء چراغ روشن کر کے اپنے پیچھے اس چراغ کو رکھ لیں۔ گیارہ سو بار اس عمل کو اپنے سائے کو دیکھتے ہوئے پڑھیں۔ عمل سے پہلے گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور حصار آیت الکرسی کا 7 بار پڑھ کر اپنے گرد کر لیں۔ 20 دن کے بعد آپ کو اپنا سایہ حرکت کرتا ہوا محسوس ہوگا۔ عمل کے دوران اگر ڈر خوف معلوم ہو تو اپنے مرشد کا تصور کریں۔ چلے کے آخری دن ہمزاد ظاہر ہو کر آپ کے حصار کے باہر حاضر ہوگا اور آپ سے بلانے کا مقصد پوچھے گا۔ آپ حاضر دماغی سے اس سے شرائط طے کر لیں۔ یہ ہمزاد بہت طاقت رکھتا ہے۔ جن کے برابر طاقتور ہے۔

کسی بھی حادثہ اور دور کی خبریں لے کر دے گا۔ کسی بھی بیماری کا علاج بتائے گا۔

دوران عمل گوشت اور بدبودار چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔ بخور ضرور روشن کریں۔

☆☆☆☆☆

قیصر احمد بی اے

عبرانی اسماءِ اعظم واسم عصائے موسیٰ علیہ السلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم. (۱) یَا تَمخیْثَا وَ شَمخیْثَا وَ تَمثِیْثَا. اس کے معنی یہ ہیں لَاتَاخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ۔ نہ اس کو اُونگھ آتی ہے نہ نیند۔ حضرت جبرائیلؑ نے یہ نام حضرت آدمؑ کو بتایا تو اس کے واسطے سے ان کو اماں حوا بھی مل گئیں اور توبہ بھی قبول ہوئی۔ جو کوئی ان ناموں کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو اسے بادشاہ و حکام اور صاحبان مراتب عزیز رکھیں گے اور اس کا قول قابل قبول ہوگا۔

(۲) مَوَاشَطِیْثَا. شَطِیْثَا. اس کے معنی ہیں اَلَّذِی بَسَطَ الرَّحمَتہ عَلٰی خَلقِہٖ بِلُطفِہٖ. اس کی رحمت اراہ لطف بندوں پر پھیلی ہوئی ہے۔ یہ نام حضرت جبرائیلؑ کے پَر کے اوپر لکھا ہوا ہے۔ اس اسم کی وجہ سے وہ زمین سے آسمان پر آتے جاتے ہیں۔ جو ان اسموں کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ کسی آفت میں مبتلا نہ ہوگا بلکہ تمام مشکلیں آسان ہوں گی۔

(۳) یَا طَیْھُوجَ. طَیْھَمُوجَ. اس کے معنی یہ ہیں یَاغَالِبُ عَلٰی کُلِّ شَیٍٔ. ہر چیز پر غلبہ والے۔ یہ نام حضرت میکائیلؑ کے دست مبارک پر لکھا ہوا ہے اس نام کی برکت سے جب وہ قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہوں گے چہرہ منور ہوگا۔ جو کوئی اس نام کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا سُرخرو ہوگا۔

(۴) یَا عَیْنَحِجَ. عَمیْنَجخَ. اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِی یبصر العمیق. وہ جو گہرائی کو دیکھتا ہے۔ یہ نام حضرت اسرافیلؑ کی پیشانی پر لکھا ہوا ہے جو کوئی اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ حامل لوح محفوظ ہوگا اور موت کا خوف نہ ہوگا ہر طرح سے محفوظ رہے گا۔

(۵) یَا مَنْھَطِیَا. اس کے معنی یہ ہیں۔ اَلَّذِی اِذَا اَرَادَ شَیْئاً یَقُولَ لَہٗ کُنْ فَیَکُون۔ وہ کسی چیز کا ارادہ کرے تو کہتا ہے ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے۔ یہ نام صُور اسرافیل پر لکھا ہوا ہے، پاس رکھنے والا باہیبت ہوگا۔

(۶) یَا شَلِیْخُوثَا. اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِی رَفَعَ السَّمٰوٰات بغیر عَمد. جس نے آسمان کو بلند کیا بغیر ستون کے۔ یہ اسم حضرت عزرائیلؑ کے ہاتھ پر لکھا ہوا ہے اور اس کی ہیبت سے وہ روح قبض کرتے ہیں۔ لکھ کر پاس رکھنے سے دشمن مغلوب ہوتے ہیں۔

(۷) یَارَمُوْنَطِفَ. اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِی لَاشَیْیٌ اَرْفَعُ مِنْہُ کونی شئی. اس سے بلند مرتبہ نہیں یہ نام آفتاب کے چہرہ پر لکھا ہوا ہے اور وہ اس نام کی برکت سے پورے جہاں کو روشن کرتا ہے جو اپنے پاس رکھے گا تمام دنیا اس کو مُسخر ہوگی۔

(۸) یَا کَدُوْ حَجَطَبَ. اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِی ینجی العباد عن المضائق. وہ جو بندوں کو تنگیوں سے نجات دلاتا ہے اس نام کی برکت سے عرش کے فرشتے عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں۔ موسیٰ نے یہی اسم دریا پر پڑھا تھا جس کی وجہ سے وہ کئی حصوں میں بٹ گیا اور وہ پار ہو گئے۔ جس کے پاس یہ اسم ہوگا اس پر جادو سحر اثر نہ کرے گا۔

(۹) یَا حَجَطَبَی. اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِی یُحیِی وَیُمِیتُ. وہ جو زندگی بخشتا ہے اور موت دیتا ہے سات آسمان و زمین اسی اسم کی برکت سے قائم و دائم ہیں۔ جو پاس رکھے گا تمام مصائب و تکالیف سے بچا رہے گا۔

(۱۰) یَا طَفُحَاتَفَ. اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِی یربی الاَطفَال الصَّغیر فی الجنہ. وہ جو شکم مادر میں ننھے بچوں کی پرورش کرتا ہے۔ جنت کے دروازے اس اسم کی برکت سے کھلتے ہیں۔ جو لکھ کر پاس رکھے گا، کشائش رزق ہوگا۔

(۱۱) یَاشَطِحَ النُور. اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِی لایخفٰی علیہ ما فِی المشرِق وَالمَغرِب. وہ اللہ جس پر مشرق اور مغرب کی کوئی چیز پوشیدہ نہیں۔ جو پاس رکھے گا دشمنوں سے محفوظ رہے گا۔

(۱۲) یَا مَھَقَفھَا یَشحَ. اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِی عبر موسی فی البحر فنجاہ'. وہ جس نے موسیٰ کو دریا میں تیرا کر نجات دی جو اس کو لکھ کر پاس رکھے گا سب مطیع ہوں گے۔

وہ دس اسماء عظام جو حضرت موسیٰ کے عصاء پر کندہ تھے وہ یہ ہیں:-

بسم اللہ الرحمن الرحیم. (۱) شرایوا (۲) لزرعینی (۳) جُوسَا (۴) منوعا (۵) عالما (۶) سزایو (۷) طَیُوسُونَا (۸) سَلیخا (۹) مَلیخاَ (۱۰) ملقومَا (۱۱) یَاقَیومَا بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ و بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ.

یونس مانسہروی، کراچی

قرآن پاک ہر مسئلہ کا حل

تمام تر حمد وثنا اللہ رب العالمین جلاشانہ کے لیے اور تمام تر درود وسلام سرکار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے۔

محترم قارئین و عامل حضرات! آج کے اس نامساعد اور پُرفتن دور میں ہر شخص کسی نہ کسی وجہ سے پریشان اور بیزار ہے۔ جن کے پاس اللہ کا دیا سب کچھ ہے وہ بھی موجودہ دور کے ہر قسم کے حالات، واقعات اور حادثات کی وجہ سے انتہائی پریشان ہیں۔ جن کے پاس کم ہے یا بالکل بھی نہیں ہے ان کے لیے زندہ رہنا اور چولہا جلانا بھی مشکل ہوگیا ہے۔ اب صورت حال یہ ہے کہ تینوں ہی طبقہ کے افراد جعلی پیروں، فقیروں اور عاملوں کے چنگل میں پھنس کر پیسہ تو برباد کرتے ہی ہیں لیکن اس کے ساتھ مزید ہزاروں پریشانیاں اور آفتیں خرید لیتے ہیں۔ باشعور، سمجھدار اور فہم وفراست رکھنے والے لوگ خود غور فرمائیں کہ آج جعلی عاملوں اور فقیروں کے لاکھوں روپے کے اشتہارات اخبارات ورسائل میں شائع ہوتے ہیں اور ان اشتہارات میں ہوتا کیا ہے۔ کسی کے پاس ایک سو ایک جنات ہیں اور کوئی تمام عاملوں، جادوگروں اور ساحروں کا اُستاد اور سردار ہے۔ نوے فیصد اشتہاری اپنے آپ کو سید لکھتے اور کہلواتے ہیں۔ ناسمجھ اور مجبور وبے کس لوگ اپنے حالات سے پریشان ہوکر انہی جعلی عاملوں کے پاس جاتے ہیں اور مزید پریشانیاں مول لیتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ اور اس کے محبوب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کی راہنمائی اور ہدایت کے لیے جو کتاب مقدس مسلمانوں کو عطا فرمائی اس میں فضل، رحمت اور شفاء سب کچھ موجود ہے۔

وطن عزیز میں جعلی عاملوں اور تعویذ گنڈا کرنے والوں کی اتنی بھرمار ہے کہ اصل اور نقل، سچ اور جھوٹ میں تمیز کرنا مشکل ہوگیا ہے۔ اس وقت اپنے وطن میں کچھ ایسے مخلص، ہمدرد اور ماہر لوگ موجود ہیں جو بے لوث خدمت اور راہنمائی کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ اس سلسلے میں جناب محترم خالد اسحاق راٹھور اور ماہنامہ ''راہنمائے عملیات'' کا نام سرفہرست ہے۔ ضرورت مند لوگ ہی نہیں بلکہ عامل اور سیکھنے والے حضرات بھی خالد اسحاق راٹھور سے پُرخلوص اور ہمدردانہ مدد اور راہنمائی حاصل کرسکتے ہیں۔ اب آیئے آپ کی خدمت میں ایک نادر اور موثر عمل پیش کرتے ہیں۔

عمل پیش کرنے سے پہلے چند باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ نقوش، الواح لکھنے اور وظائف کرنے والے عام لوگ اور عامل حضرات بعض باتوں کی طرف توجہ نہیں دیتے۔ عامل حضرات اور عام لوگوں کے لیے بھی نقش لکھنے یا ورد و وظیفہ پڑھنے کے ساتھ پاکیزگی، طہارت اور نماز و درود پاک کی کثرت کرنا ضروری ہے۔ نماز سب سے اہم اور بنیادی عبادت ہے۔ اگر کوئی شخص نماز نہیں پڑھتا یا نماز کی پابندی نہیں کرتا۔ درود پاک کا ورد نہیں کرتا تو اس صورت میں اس کے اعمال میں اثر کیا پیدا ہوگا۔ لہٰذا روحانی اُمور انجام دینے سے پہلے پابندی اور باقاعدگی سے صلوٰۃ و درود کا پڑھنا لازمی ہے۔ ان تمام باتوں کی پابندی کرنے سے اعمال میں بہت زیادہ اثر پیدا ہوگا۔ اب آیئے عمل کی طرف۔

یہ نقش ساعت مشتری میں شروع کریں۔ نوے نقش نوے دن لکھیں گے اور آٹے میں مکس کرکے نہر دریا وغیرہ میں ڈال دیں۔ یہ نقش کاروبار روزگار اور گھر میں خیر وبرکت اور ترقی کے لیے مجرب ہے۔ نقش لکھنے کے دوران خوشبو برابر جلائیں گے۔ نقش فریم کراکر دکان میں لگائیں یا بازو میں باندھیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یا اللہ	یا رحمن	یا رحیم
یا مالک	یا رزاق	یا قادر
یا رزاق	قل ھو اللہ احد	یا رزاق
الحمد للہ	یا رزاق	الحمد للہ
یا رزاق	اللہ الصمد	یا رزاق

جناب محترم خالد اسحاق راٹھور اور ادارہ راہنمائے عملیات اور فقیر کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

☆☆☆☆☆

Scanned with CamScanner

محمد عمران رضا، شاہدرہ۔

رجال الغیب

محترم قارئین خالد روحانی جنتری آپ کو سال 2013 بہت بہت مبارک ہو۔ اللہ کی ذات برکات سے دعا والتجا ہے کہ وہ ہمارے لیے اس سال کو خوشیوں سے بھرپور اور غموں، دکھ اور تکلیفوں سے میلوں دور رکھے۔ آمین۔ ثم آمین۔

اس بار آپ کے لیے رجال الغیب کا مواد لیے حاضر ہوں۔ رجال الغیب عملیاتی دنیا میں ایک سپر پاور کی حیثیت سے تسلیم کیے جاتے ہیں جس طرح پاکستان پوری دنیا میں ایٹمی طاقت مشہور ہے بالکل اسی طرح عملیاتی دنیا میں رجال الغیب بھی ایٹمی طاقت ہیں۔

کوئی بھی عمل جب آپ کرنا چاہیں، چاہے وہ تسخیر یا موکل ہو یا تسخیر محبوب ہو یا تسخیر خلق ہو عمل کرنے سے پہلے اگر آپ مندرجہ ذیل طریقہ سے رجال الغیب سے مدد کی التجا کریں گے تو آپ خود دیکھیں گے کہ عمل میں کتنی زبردست تاثیر پیدا ہوگئی ہے۔

بعض اعمال ہوتے ہیں جن میں سمت مقرر ہوتی ہے۔ کچھ اعمال تسخیر موکل ہوتے ہیں جن میں اپنا رخ مغرب اور کچھ میں اپنا رخ شمال کی طرف رکھنا پڑتا ہے اور تسخیر محبوب میں خانہ مطلوب کی جانب اپنا رخ کرنا لازم ہوتا ہے اور ایسے میں رجال الغیب سے سامنا ہونا ممکن ہے تو عمل کے ضبط ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔ کیونکہ اگر دوران عمل رجال الغیب سے آمنا سامنا ہو جائے تو عمل رجال الغیب ضبط کر لیتے ہیں جس طرح لوہا مقناطیس کی جانب بھاگتا ہے اسی طرح اعمال بھی ان کی طرف بھاگتے ہیں۔

اگر کسی بھی تسخیر کے عمل میں اِن کا آمنا سامنا ہونے کا وقت ہو تو مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کریں تو انشاء اللہ عمل میں رکاوٹ نہیں آئے گی۔

☆ پیر و ہفتہ کے دن آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ کر ان کا آمنا سامنا کریں تو نقصان نہ دیں گے۔

☆ منگل و بدھ کو کشش یا گڑ کھا کر عمل شروع کریں۔ سامنا ہو تو انشاء اللہ نقصان نہ ہوگا۔

☆ جمعرات کے دن عمل سے پہلے دہی کھا کر رجال الغیب کی جانب رُخ کر سکتے ہیں۔

اگر خدانخواستہ کسی لاپرواہی کے سبب رجال الغیب نقصان پہنچا دیں اور رجعت ہو جائے تو اس سے نجات کے لیے رجال الغیب کی مخصوص سمتوں اور تاریخوں کے صدقات ادا کر کے اور تعویذات استعمال کر کے رجعت سے نجات حاصل کی جا سکتی ہے۔ انشاء اللہ رجال الغیب قمری ماہ کی تاریخ سے سمت بدلتے ہیں۔ انگریزی ماہ سے نہیں یاد رہے۔

☆ چاند کی 27-19-12-4 کو مغرب میں ہوتے ہیں۔ اِن تاریخوں میں اگر خدانخواستہ رجعت ہو جائے تو سوا کلو گوشت کو پیلے رنگ میں رنگ کر ''زرِیلا'' کو کھلائیں اور مندرجہ ذیل نقش کو دائیں بازو پر باندھیں۔

م م م م م م م ی ی لا لا لا م

☆ چاند کی 25-17-10-2 تاریخوں میں ''جنوب مغرب'' کی سمت میں ہوتے ہیں۔ اگر خدانخواستہ اِن تاریخوں میں رجعت ہو جائے تو اس کا صدقہ آدھا کلو چنے بھگو کر گھوڑے کو کھلا دیں اور مندرجہ ذیل نقش اپنے سیدھے بازو پر باندھیں۔

و و و و و د د ح ح ح

☆ چاند کی 26-18-11-3 تاریخوں کو ''جنوب'' کی سمت میں ہوتے ہیں اِن تاریخوں میں رجعت کا صدقہ چاول و گیہوں 4 تولہ مُرغ کو کھلائے اور مندرجہ ذیل نقش کو بازو سیدھے پر باندھیں۔

ی ی ۱۱۱ حـــم حـــم حـــم

☆ قمری ماہ کی 24-16-9-1 کی تاریخوں میں ''جنوب مشرق'' کی

سمت میں ہوتے ہیں۔ اِن تاریخوں میں رجعت کا صدقہ 9 قسم کا اناج سوا کلو وزن میں لا کر "سفید مرغ" یا "مور" کو کھلا دیں اور مندرجہ ذیل نقش کو اپنے سیدھے بازو پر باندھیں۔

اا اا اا اا اا ل ل ل ل ل ل ل ااا ااا ہ ہ ہ ہ ہ ہ

☆ چاند کی 29-22-14-7 تاریخوں میں "مشرق" کی سمت میں اپنا وجود کو ظاہر کرتے ہیں۔ ان تاریخوں میں اگر رجعت ہو جائے تو رجعت کا صدقہ 7 عدد بھٹے ہاتھی کو کھلائے اور نقش کو سر پر باندھے۔

اا اا اا م م م م م ا و ل ل ل

☆ چاند کی 28-21-6 تاریخوں کو "شمال مشرق" میں ان کا وجود ملے گا۔ اِن ایام میں اگر خدانخواستہ رجعت ہو جائے تو آدھا کلو دال چنے بھگو کر اونٹ (نر) کو کھلا دیں اور مندرجہ ذیل تعویذ بازو پر باندھیں۔

الہ الہ الہ الہ حی حی حی حی حی

☆ قمری ماہ کی 30-23-15-8 تاریخوں کو اِن کی سمت "شمال" ظاہر ہوتی ہے۔ ان تاریخوں میں اگر خدانخواستہ رجعت ہو جائے تو 7 یا 8 ہرے گھاس کے پتے گائے کو کھلا دیں اور تعویذ سیدھے بازو پر باندھیں۔

ر ر ر ر ر ر ہ ہ ہ

☆ قمری ماہ کی اِن تاریخوں 20-13-5 میں اِن کی سمت "شمال مغرب" بنتی ہے۔ اس طرح "ابدال، قطب الاقطاب" بازبانِ خلق میں آپ اِن رجال الغیب بھی کہہ سکتے ہیں۔ ان کی اطراف کی گردش اس پر آ کر مکمل ہو جاتی ہے اور دائرہ بھی مکمل ہو جاتا ہے۔ ان تاریخوں میں رجعت کے عذاب سے نجات کے لیے سوا کلو دال گدھے کو کھلائیں اور مندرجہ ذیل تعویذ سیدھے بازو پر باندھیں۔

ہ ہ ہ ہ ہ ہ د د د د د د ح ح ح ح ح ح ح د د د ہ د ہ

مجھے اُمید ہے کہ اِن جزوئیات کی اتنی آسان تفصیل کے بعد رجال الغیب کے بارے میں تمام مشکل اُمور آسانی سے آپ کے علم میں اضافے کا باعث بن گئے ہوں گے۔ اب آخر میں آخری چیز رجوع کرنے کے لیے دعوت دینے کی ہے۔

طریقہ دعوتِ رجال الغیب (قطب الاقطاب)

مندرجہ ذیل نقشہ رجال الغیب سے اِن کی سمت معلوم کر کے جس سمت میں ہوں اُس طرف 7 قدم چل کر مندرجہ ذیل درودِ رجال الغیب پڑھیں۔ پھر مندرجہ ذیل سلامِ رجال الغیب پڑھیں بعد میں اپنے عمل کی کامیابی کے لیے دعا کریں۔ انشاءاللہ ہر عمل میں تاثیر زبردست قسم کی پیدا ہو گی۔ نیز رجعت کے اثرات بھی کم ہوں گے اور یہ بات یاد رہے کہ ان کی طرف رخ کر کے نہیں بیٹھنا بلکہ ان کو اپنی پشت پر یا اپنے دائیں طرف رکھیں

درودِ رجال الغیب (قطب الاقطاب)

بسم الله الرحمن الرحيم. اللهم صلى على سيدنا و مولانا سيدنا محمد و ال محمد و عجل فرجهم و اهلک عدوهم من الجن و الانس برحمتک يا ارحم الرحمين٥

(سات مرتبہ)

سلامِ رجال الغیب (قطب الاقطاب)

بسم الله الرحمن الرحيم. اسلام عليكم يا ارواح المقدسة اسلام عليكم يا رجال الغيب اسلام عليكم يا نجباء اسلام عليكم يا اوتاد اسلام عليكم يا الفرد اسلام عليم يا غوثاه اسلام عليم يا قطب الاقطاب اغيثونى بغوثة و انظرونى بنظرة وارحمونى برحمة و حصلونى مرادى و مقصودى وقومو الى هواء هى فى الدنيا و الاخراة بحق سيدنا محمد و اله الطيبين الطاهرين و اصحابه المرضيين بترحمتک يا ارحم الراحمين.

جفری عملیات



سید شعیب الرحمٰن شاہ، ایبٹ آباد۔

جفری عملیات

الہامات جفر طلسم بادشاہت

شرف مشتری کے دوران ان دونقوش کو نقل کرلیں خالص چاندی کی پلیٹ پر۔ پھر اسم اعظم مخفی یا عزیز یا کریم 15000 مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں اور 15000 مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ اس کا ثواب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو بخش دیں۔ اللہ پاک بے پناہ برکات دے گا۔

اله ک ہ ی ع ص ط س ح م ع س

ا	فتاح	وہاب	رزاق	باسط	رافع	ق
ل	۳۰۹	۷۳	۳۴۷	۴۹۰	۱۵	ط
ل	۳۴۸	۴۹۱	۱۶	۳۱۰	۲۹	ص
ہ	۱۷	۳۰۶	۷۰	۳۴۹	۴۹۲	م
	۷۱	۳۵۰	۴۹۳	۱۳	۳۰۷	

ک ہ ی ع ص ی س ح م ع س ق

م	یا اللہ	یا کبیر	یا متعالی	منعم	یا غنی	ح
م	۵۶۳	۲۱۲	۱۰۶۷	۷۸	۲۴۴	م
م	۱۰۶۸	۷۹	۲۴۵	۵۶۴	۲۰۸	ع
م	۲۴۶	۵۶۰	۲۰۹	۱۰۶۹	۸۰	س
	۲۱۰	۱۰۷۰	۸۱	۲۴۲	۵۶۱	ق

محمد رسول اللہ

الہامات جفر دعوت مربع

شرف مشتری میں اکثر عاملین جفر عملیات کی زکات نکالا کرتے ہیں۔ اس موقع پر خالد روحانی جنتری 2013 کے لیے مربع کی زکات کے ساتھ حاضر ہوں۔ چاروں مربع شرف مشتری کے دوران چاروں مربع چالوں سے 534 مرتبہ نقش لکھیں۔ آتشی کو جلائیں۔ اس کے ساتھ راکھ کو دریا میں ڈالیں۔ بادی نقش کو درخت کے ساتھ لٹکائیں۔ خاکی نقش مٹی کے برتن میں بند کرکے قبرستان میں دفن کریں۔ آبی نقش کو دریا میں بہائیں۔ اس دوران درود ابراہیمی کثرت سے پڑھیں۔ کم از کم 300 مرتبہ۔ اس کا ثواب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بخشیں۔ عمل کو قابو کرنے کے لیے روزانہ 111 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔

آتشی

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

بادی

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

آبی

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

خاکی

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

الہامات جفر شرف مشتری

مشتری چلتے چلتے جب برج سرطان کے 15 درجے پر پہنچتا ہے تو اس کو شرف حاصل ہوتا ہے۔ اس سے پہلے شرف 2001 اور 2002 میں گزرا تھا۔ اس مرتبہ 1 ستمبر 2013 بوقت 5 بجکر 8 منٹ قبل از دوپہر تا 7 ستمبر 2013 بوقت 3 بجکر 49 منٹ قبل از دوپہر تک مشتری شرف کے درجات سے گزرے گا۔ شرف مشتری میں اکثر عاملین جفر ایسے عملیات تیار کرتے ہیں جو کہ ترقی، عروج، حصول شان و دولت کے لیے پُر تاثیر ہوتے ہیں۔ اس مرتبہ خالد روحانی جنتری 2013 کے لیے اپنا ایک خاص عمل طلسی چراغ تیار کرتا ہوں۔ اس چراغ کی برکت سے بے انداز دولت کے اسباب پیدا ہوتے ہیں۔ اس چراغ کے لیے زکات دی جاتی ہے۔ مشتری جب برج

سرطان داخل ہو جائے اس کا وقت خالد روحانی جنتری سے دیکھیں، تو سورہ شمس روزانہ 313 مرتبہ اور درود ابراہیمی روزانہ 2000 مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو بخشیں۔ یہ زکات ہے، 21 دن تک پڑھنا ہے۔ جب مشتری شرفی درجات سے گزرے تو یہ چراغ خالص چاندی کا یا خالص تانبہ کا بنا کر اس پر نقل کر لیں۔ جب چراغ کے عامل بن جائیں گے تو جمعرات کے دن سے جلانا شروع کریں۔ کسی پر سحر جادو کا اثر ہو تو اس کے گھر میں یہ چراغ جلائیں۔ اس کی برکت سے رزق فراخ ہوگا۔ اللہ پاک ایسی جگہ سے اسباب بنائے گا کہ دست غیب سے مدد ملے گی۔ اس میں پرہیز کوئی نہیں جو شریعت نے منع کیا وہ پرہیز ہے۔ یہ موکلات چراغ کے اندر لکھنے ہیں۔ یہ طلسم چراغ کی پشت پر لکھیں اگر کوئی آواز سنائی دے تو خوف نہ کریں، اس کے موکل حاضر ہوتے ہیں۔ یہ خاص تحفہ خالد روحانی جنتری 2013 کے لیے قبول فرمائیے۔ یہ الہامات جفر کی برکات ہیں۔ یہ عمل مجھے سفر عراق میں ایک بزرگ کامل فقیر سے ملا تھا۔ آخر میں کہہ دوں کہ اللہ پاک آپ سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اگر اس چراغ کے عامل بن گئے تو دنیا پر حکومت کریں گے۔ اللہ پاک کی سب نعمتیں فراخ ہوں گی۔ اللہ پاک ایسے برکات کرے گا کہ حیران ہوں گے۔ پانچ وقت نماز پڑھنا ضروری اور آقا صلی اللہ علیہ وسلم پر روزانہ 500 مرتبہ درود شریف پڑھا کریں۔ اللہ پاک برکت عطا فرمائے۔



الہامات جفر تسخیر خلق

شرف مشتری کے دوران اکثر عاملین جفر ایسے عملیات تیار کرتے ہیں۔ تسخیر خلق کے لیے شرف مشتری کے دوران اس لوح کو بنا کر پاس رکھیں۔ اللہ پاک اس کی برکت سے ایسے اسباب بخشے گا کہ عقل حیران ہو گی۔ اس کے ساتھ اللہ پاک ایسے اسباب بنائے گا کہ تمام دنیا تسخیر ہو گی۔

آج کی محفل میں خالد روحانی جنتری کے لیے ایک خاص عمل لکھتا ہوں۔ اس کو قبول کریں۔ جب یہ لوح تیار ہو جائے تو اس پر 111 مرتبہ سورہ یوسف پڑھ کر دم کریں۔ اس کا ثواب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو بخشیں۔ پھر دعا مانگیں۔

میاں بیوی کے جھگڑے اس کی برکت سے دور ہوں گے۔ تسخیر خلق، رجوع خلق کے لیے پُر تاثیر ہے۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اللہ پاک مزید برکات دیں۔

نقش کی چال یہ ہے

۲۵	۱۹	۱۳	۷	۱
۸	۲	۲۱	۲۰	۱۴
۱۶	۱۵	۹	۳	۲۲
۴	۲۳	۱۷	۱۱	۱۰
۱۲	۶	۵	۲۴	۱۸

۷۸۶

یا مجید رفیع لغم النصیر جبرائیل

مایریل	ویحکم	مایشاء	اللہ	یفعل
۶۷	۱۹۱	۲۶۱	۸۵	۳۵۴
۸۱	۳۵۵	۶۸	۱۹۲	۲۶۲
۱۹۳	۲۶۳	۸۲	۳۵۱	۶۹
۳۵۲	۶۵	۱۹۲	۲۶۴	۸۳

میکائیل

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

بقیہ صفحہ نمبر 149 پر.........

فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ۔

آپ کے مسائل اور ان کا حل

جناب والا! آپ خالد روحانی جنتری 2012 صفحہ نمبر 168 تا 171 پر درج عملیات کو اس سال 2013ء میں کام میں لاسکتے ہیں، صرف اوقات کار کا فرق ملحوظ خاطر رکھیں۔

عمل تسخیر خلائق (بخت بھاگ مُنہ متھا)

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

عدد (۲۸۹۸) کا نقش مربع خانہ دہم سے لکھیں تو اعلیٰ افسر، جج صاحب اور صاحب اختیار و مقتدر شخصیت مسخر ہو کر حسب منشاء سائل کام کرے۔ اسی طرح علاقہ کی اہم شخصیت، اعلیٰ زمین دار اور جاگیر کو مسخر کر کے اس کا دل نرم کر سکتے ہیں۔ اپنی عزت افزائی کے لیے اور حکام کے نزدیک معزز بننے اور ہونے کے لیے اسی نقش سے کام لیں۔ اگر کسی افسر سے خطرہ ہے یا اس سے کوئی کام نکلوانا ہے اور ان کی قلم اور ان کے اختیارات اپنے حق کرنا یا کرانا ہو تو خانہ شانزدہم سے نقش لکھ کر کام میں لائیں۔ اگر افسر بالا ناراض ہو گیا ہے۔ جج صاحب کی عدالت میں ناحق مقدمہ دائر ہو گیا ہے۔ ایس ایچ او صاحب نے غلط پرچہ درج کر دیا ہے۔ برادری ناراض ہو گئی ہے اور آپ مشکلات میں پھنس گئے ہیں تو عدد (۳۸۸۲) کو خانہ دہم سے لکھیں کام ہو گا۔ اگر ذرا دیر ہو رہی ہو مثلاً افسر تو راضی ہو گیا ہو اور قانون یا مدعا علیہ راضی نہ ہو رہا ہے یا قانون تو ساتھ دیتا ہو مگر افسر ساتھ نہ دیتا ہو تو اسی عدد کو خانہ شانزدہم سے لکھ کر کام میں لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کام حسب منشاء ہو گا۔ اور اگر عدد (۶۷۸۰) کو دونوں طریقوں سے کام میں لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق اللہ مسخر ہو گی اور مشکلات کا باعث نہ بنے گی۔ بشرطیکہ آپ حق پر ہوں۔ ناحق ہوں گے تو تکالیف میں اضافہ ہو جائے گا۔

عمل تسخیر دولت (بخت بھاگ مال و دولت)

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶

۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰
۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴

اگر کسی جگہ سے مال و دولت کی اُمید ہو یا کسی سے مال و دولت حاصل کرنا ہو یا مال و دولت باندھ دیا گیا ہو۔ (یعنی عمل بندش کر دیا گیا ہو) تو آپ خانہ یازدہم سے نقش لکھیں۔ اگر آپ پر نحوست آ گئی ہو۔ ساڑھ ستی کے

اثرات ہوں، زحل یا مریخ کی نحوست کے علاوہ مشتری اور زہرہ نحس ہو یا ہو گیا ہو تو خانہ دوم سے نقش لکھیں۔ اگر مال و دولت پر بھائی یا بہن یا کوئی قریبی آدمی غاصب و قابض ہو چکا ہو تو خانہ سوم سے نقش لکھیں اور اگر سائل کے مسائل میں یہ بات ہو کہ دکان بند ہو گئی ہے۔ کاروبار ٹھپ ہو گیا ہے۔ گھر میں مال و دولت نہیں ٹھہرتا۔ زمین زراعت نہیں دے رہی۔ باغات نہیں پھلتے، درخت بے ثمر یا خشک ہوتے جا رہے ہیں تو خانہ چہارم سے نقش لکھیں۔ عدد (۲۱۸۶) سے نقش تیار کریں تو حصول مال آسان ہو جاتا ہے۔ عدد (۲۰۷۴) سے نقش تیار کریں تو رزق میں فراوانی اور کشائش ہو گی۔ عدد (۱۲۸۷) اور عدد (۲۲۴۱) سے نقوش تیار ہو سکتے ہیں۔ اگرچہ ان کے نقوش مثلث درست تیار ہوتے ہیں۔ ان دونوں کو ملا کر نقش تیار کر سکتے ہیں یا اس میں عدد (۳۳۲۷) یا عدد (۲۱۹۹) ملا کر نقش تیار کریں۔ اگرچہ مثلث درست تیار ہوں گے۔ مگر مربع میں تحویل کرنے کے لیے ان اعداد کو ملا کر لکھا جا سکتا ہے۔ اگر عدد (۲۳۹۶) اور عدد (۴۹۲۷) کا الگ الگ نقش تیار کریں یا دونوں کو ملا کر عدد (۳۳۲۷) کا نقش تیار کریں تو ان حضرات کے لیے مفید ہو گا۔ جو کسی خاص مقام پر بیٹھ کر رزق/گاہک کا انتظار کرتے ہیں۔ مثلاً ڈاکٹرز، وکلاء اور دیگر دکاندار حضرات ایسے نقوش ضرور تیار کروائیں۔

عمل تسخیر مطلوب، محبوب اور عورت یا مرد خاص

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹

۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۱۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۱۸	۱۱

اگر آپ چاہتے ہیں کہ مرد یا عورت اپنی حدود میں رہ کر حقوق زوجیت ادا کرتے رہیں۔ بدکاری و بدکرداری سے بچے رہیں اور ان کے درمیان پیار و محبت روز افزوں ہو تو خانہ چہار دہم سے نقش لکھیں۔ اگر مرد یا عورت میں بدکاری و بدکرداری پائی جاتی ہے۔ مرد یا عورت زنا حرام سے باز و منع نہیں ہوتا۔ تو اس کے لیے خانہ ہفتم سے نقش لکھیں تا کہ جائز حق اور نکاح کی طرف رجوع کرے۔ اگر جائز حق/اپنی منکوحہ یا اپنا ناکح ناراض ہو کر اور روٹھ کر چلا گیا ہے تو انہیں واپس لانے کے لیے خانہ نہم سے نقش لکھ دیں۔ اگر از سر نو محبت، الفت اور مودۃ ڈالنی ہے اور مسخر کرنا ہے تو خانہ پنجم سے نقش لکھیں۔ خانہ پنجم سے چند چالیس منسوب اور موجود ہیں۔ پھر ہر چال کی الگ خاصیت اور تاثیر ہے۔

عملیات تسخیر و محبت کے لیے عدد (۲۶۲۴) سے کام لیں اور خانہ چہار دہم سے نقش تیار کریں۔ اگر عدد (۱۴۹۳) اور عدد (۲۱۲۳) کو ملا کر خانہ ہفتم سے کام لیں تو مرد یا عورت راہ راست پر آ جاتا ہے۔ اگر عدد (۹۱۵۸) کا نقش خانہ نہم سے لکھیں تو مطلوب محبوب و معشوق خود طالب و محب و عاشق بن کر حاضر ہو جاتا ہے۔ اگر خانہ پنجم سے لکھیں تو خاص عورت جس سے شادی کی خواہش ہو یا نہایت سنگدل ہو یا صرف مال و دولت کی پرستار ہو اور محبت و پیار کے احساس سے عاری ہو۔ ایسی مکار عورت کے لیے یہی عدد سریع الاثر ہے۔ اگر آپ عدد (۳۶۱۶) سے خانہ چہار دہم اور خانہ پنجم سے نقش لکھ کر دونوں کو بیک وقت استعمال کریں تو محبت پیدا ہو کر روز افزوں محبت شدید و مزید ہو۔ اگر آپ تینوں نقوش لکھ کر استعمال کریں تو محبت میں کمال پائیں اور لازوال پائیں۔

عمل تسخیر دشمن خاص اور عملیات بغض و عداوت

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸
۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳

اگر کوئی دشمن خاص ہو اور وہ کینہ و انتقام رکھتا ہو۔ اس کے اندر سے بغض و عداوت کو ختم کر کے تسخیر کرنا ہو اور اس کا تکبر، غرور خاک میں ملانا ہو تو خانہ ہشتم سے نقش لکھنا چاہیے۔ ایسے حاسد اور فاسد افراد جو ہر وقت بغض و عناد سے کام لیتے ہوں اور ترقی و خوشحالی پر حسد رکھتے ہوں یا حسد سے بدگوئی و بدکلامی کرتے ہوں تو ان کے لیے خانہ ہشتم سریع الاثر ہے۔ اگر کسی صاف و بے کینہ دل و سینہ کے اندر بغض و عداوت ڈالنا ہو۔ انتقام کی آگ پیدا کر کے بھڑکانا ہو۔ تا کہ انجام بد ہو اور تفریق و نفاق یا فراق و طلاق تک نوبت پہنچ جائے تو خانہ سیزدہم ایسے عملیات کا خانہ خاص ہے۔ تو عدد (۲۱۶۲) سے کام

Scanned with CamScanner

لیں دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا۔عدد (۴۴۸۰) سے کام لیں تو رفتہ رفتہ بغض وعناد پیدا ہو کر فساد تک نوبت پہنچ جائے۔عدد (۳۳۳۶) سے کام لیں تو ایسا فساد پیدا ہو کہ جماعت میں تفریق وفراق پیدا ہو جائے یا نفاق وطلاق تک کام پہنچ جائے۔اگر عدد (۳۶۵۴) سے کام لیں تو طاقت ور دشمن بھی بالآخر تباہی و بربادی کے انجام تک پہنچ جائے۔عدد (۶۹۹۰) بہت خطرناک ہے۔عاملین حضرات یہی عدد نااہلوں سے چھپاتے رہے ہیں اور یہ نااہل چھپاتا پھرتا ہے۔

عمل تسخیر صحت وامراض وہلاکت عدو خاص

۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱
۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶

۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵
۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲

اگر صحت یا امراض کو تسخیر کر کے اپنے مقصد کے مطابق کسی دشمن کو بیمار کرنا ہو یا ہلاک کرنا ہو یا دوست کی مرض دور کرنا ہو تو اس صورت میں خانہ دوازدہم بیمار کرنے کے لیے ہے۔اور خانہ ششم بیماری کا راستہ روکنے کے لیے ہے۔اگر آپ عدد (۳۴۹۲) سے کام لیں گے تو دشمن بیمار ہو جائے گا۔ اگر عدد (۲۵۵۰) سے کام لیں گے تو دشمن کا راستہ رُک جائے گا۔آپ اس عدد سے دونوں نقوش تیار کر سکتے ہیں اور اگر دشمن کا مقابلہ کرنا ہے تو عدد (۵۷۴۴) سے کام لیں۔دشمن مقابلہ یا مقدمہ میں ہار جائے گا۔ وہ اپنی صحت ہار جائے گا۔اس لیے فن پہلوانی والے اسی نقش کو اپنے گلے یا بازو پر باندھتے ہیں۔

عمل تسخیر حشرات الارض والوحوش

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اگر درخت، باغ، کھیت، فصل یا جانور وغیرہ کو خطرہ ہو یا آپ کو کسی جانور درندہ یا سانپ بچھو وغیرہ جیسے ایذا رساں جانور سے خطرہ ہو تو عدد (۱۱۶۸) سے حفاظت کریں۔عدد (۶۳۸۰) سے کام لیں آفات سے امان ملے گی۔اگر خطرات سے اضطراب ہو تو عدد (۶۲۱۶) سے کام لیں حالت مجبوری سے آپ نکل جائیں گے۔اگر عدد (۲۶۵۶) کو عمل میں لائیں تو مقتدر دشمن سے امان ملے بلکہ معزز ہو جائے۔ان عملیات کے لیے خانہ پانزدہم استعمال کریں۔

عمل تسخیر اربعہ عناصر

۲						۲	۱
						۳	۴
۳							۴

سابقہ عملیات جو درج کیے گئے یہ آپ ان کو اربعہ عناصر کے مطابق لکھ کر استعمال کر سکتے ہیں۔نقش کا پہلا طریقہ میں پہلا خانہ آتشی دوسرا خاکی تیسرا بادی اور چوتھا آبی ہوگا۔اس طرح پہلا کونہ آتشی ہے۔دوسرا کونہ خاکی ہے۔تیسرا کونہ بادی ہے اور چوتھا کونہ آبی۔اور ان نقوش کو دوسرے نقش کی شکل میں لکھنا پسند کریں تو یہ طریقہ کار مثلث اور مخمس نقوش کے لیے زیادہ استعمال ہوتا ہے۔اس نقش میں اوپر آتشی خانہ ہے۔نیچے خاکی خانہ ہے۔ دائیں بادی خانہ ہے۔بائیں آبی خانہ ہے۔اس طرح پہلا کونہ آتشی ہے۔ دوسرے کونے میں خاکی خانہ وہی ہے جہاں دو کا عدد لکھا ہے۔تیسرے کونے میں جہاں تین لکھا ہے وہ خانہ بادی ہے۔چوتھا کونہ جہاں چار لکھا ہے وہ آبی خانہ ہے۔آپ چاروں سے آتشی خانے استعمال کریں گے تو نقش آتشی ہو گا۔چاروں کونے آتشی چال سے بھی لکھ سکتے ہیں۔چاروں کونے خاکی خانوں سے بھی لکھ سکتے ہیں۔چاروں کونے بادی خانوں سے بھی لکھ سکتے ہیں اور چاروں کونے آبی خانوں سے بھی لکھ سکتے ہیں۔اگر خانوں میں عنصری ترتیب بدلیں گے تو نقوش پر نہ ہو سکیں گے۔یعنی بیک وقت چاروں عناصر کا استعمال کریں گے یا چاروں کونوں کو ایک عنصر کے تحت استعمال کریں گے۔ ایسے نقوش وضع کرتے ہوئے چار اسماء مبارک یا چار آیات والی سورت بھی استعمال کر سکتے ہیں جیسا کہ سورۃ اخلاص وغیرہ اور ایک اسم استعمال کریں گے۔تو وہ چار حروف والا ہونا چاہیے۔اس طرح خواہ ان میں اربعہ عناصری

ساڑھ ستی

کہیں آپ ساڑھ ستی کا شکار تو نہیں ہیں؟ اس کے تحت انسان کو مختلف الانواع مسائل جیسے کہ قرضہ، اخراجات کی زیادتی، غلط فیصلے، مالی پریشانیوں اور مسائل کے گرداب میں پھنس جاتا ہے اور یوں اُس کی زندگی ناکامی و نامرادی کا شکار ہو کر سوالیہ کا نشان بن کر رہ جاتی ہے۔ اِس حوالے سے ادارہ ''راہنمائے عملیات'' نے یہ انتظام کیا ہے کہ آپ اِس بات کو جان سکیں کہ کہیں آپ ساڑھ ستی کا شکار تو نہیں ہیں اور اگر ہیں تو اِس حوالے سے بچاؤ کے اقدامات تجویز کیے جائیں گے جن پر عمل پیرا ہو کر آپ اپنے آپ کو پریشانیوں سے بچا پائیں گے۔

حروف موجود نہ بھی ہوں اور اگر زیادہ اسماء المبارک ہوں یا سورت ہوں تو ان تجزیہ حروفی اربعہ عناصر کے مطابق استخراج کر کے نقوش وضع کریں چہار قل کو اربعہ عنصری نقش کے طریقہ کار میں لکھا جا سکتا ہے۔ ذیل میں زحل اور مریخ کی مناسبت سے اور دیگر سیارگان شمس، مشتری، زہرہ اور عطارد و قمر کے نیک و بد یا سعد و نحس اوقات میں لکھنے کے لیے جدول تیار کیا ہے۔

اگر آپ عملیات حب و عداوت کو نقش مربع کی بجائے مخمس میں لکھنا چاہیں تو ذیل میں دو چالیس تسلسل الدور کی ہیں۔ آپ عدد (۲۵۵۰)، عدد (۴۴۸۰)، عدد (۶۳۸۰) کو یا عدد (۴۵۰) اور عدد (۸۸۵) کو نقش مخمس میں لکھ سکتے ہیں۔ پہلا مخمس آپ جانتے ہیں۔ دوسرا مخمس آپ کو ادارہ راہنمائے عملیات کی معرفت احقر العباد فقیر فضل محمود نقاش کی طرف سے تحفہ ہے۔ والسلام۔

۱	۷	۱۳	۱۹	۲۵

۱	۷	۱۳	۱۹	۲۵

کورس تسخیر و حاضرات

حاضرات کا موضوع بہت سے لوگوں کے لیے ساری عمر ایک ایسا پھل ثابت ہوتا ہے جو نہ ان سے ہضم ہوتا ہے اور نہ لوگ اس کو کھانے کی خواہش چھوڑتے ہیں۔ عموماً حاضرات کے حوالے سے ایسے افکار پیش کیے جاتے ہیں جن کو سن اور پڑھ کر کوئی بھی شخص دنیا کے تمام کام چھوڑ کر تسخیر و حاضرات میں مہارت حاصل کرنا چاہتا ہے۔ ادارہ راہنمائے عملیات کے تحت جاری دیگر کورسز کی طرح اس کورس کی بنیادی خوبصورتی تو اس کی جامعیت ہے لیکن سب سے بڑی اور اہم بات یہ ہے کہ اس کورس کے ذریعے طالب علم کو حاضرات و تسخیر کے بارے میں سچی اور مخلصانہ راہنمائی کے لیے قلم استعمال کیا گیا ہے اور کوئی بات ایسی شامل نہیں کی گئی جو بے بنیاد، دھوکے اور غلط فہمی میں مبتلا کرنے کا باعث ہو۔ اگر آپ بھی حاضرات و تسخیر کے اعمال میں ناکام ہوتے رہے ہیں یا آپ کے دل میں اس حوالے سے عمل کرنے کی خواہش اور جذبہ ہے تو پھر ایک دفعہ ضرور اس کورس سے فائدہ اٹھائیں۔ کیوں کہ ہمیں توقع ہے کہ ہماری مخلصانہ محنت آپ کو کوئی نہ کوئی بہتر راستہ دکھانے میں کامیاب ہو جائے گی۔

۱۴	۲۰	۲۱	۲	۸
۲۲	۳	۹	۱۵	۱۶
۱۰	۱۱	۱۷	۲۳	۴
۱۸	۲۴	۵	۶	۱۲

۸	۱۴	۲۰	۲۱	۲
۱۵	۱۶	۲۲	۳	۹
۱۷	۲۳	۴	۱۰	۱۱
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

جدول

چہار قل شریف	آتشی حروف + اعداد	بادی حروف + اعداد	آبی حروف + اعداد	خاکی حروف + اعداد	کل اعداد چہار قل
الکافرون--۹۵	۳۰= ۴۶۴	۳۴= ۲۱۶۴	۴= ۱۶۰	۲۷= ۱۰۴۰	۳۸۲۸
الاخلاص--۴۷	۱۵= ۲۶۶	۱۰= ۲۰۰	۳= ۱۴۰	۱۹= ۳۹۶	۱۰۰۲
الفلق--۷۱	۲۶= ۳۷۵۱	۱۵= ۶۹۶	۱۰= ۱۲۸۰	۲۰= ۲۹۴۸	۸۶۷۵
الناس--۸۰	۲۷= ۱۹۲۴	۲۲= ۱۰۱۰	۱۳= ۷۲۳	۱۸= ۱۶۳۴	۵۲۹۱
کل حروف--۲۹۳	۹۸= ۶۴۰۵	۸۱= ۴۰۷۰	۳۰= ۲۳۰۳	۸۴= ۶۰۱۸	۱۸۷۹۶

Scanned with CamScanner

حصول عملیات قرآنی

غلام عباس سپرا، جھنگ۔

گزشتہ سال کی طرف اس سال 2013 میں سورۃ آل عمران کے چند مجرب عملیات کے ساتھ حاضر ہوں۔ مگر مختصر لکھوں گا۔ آپ سے گذارش ہے کہ اپنی مشکلات میں قرآن کریم کو عمل میں لائیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو روزانہ قرآن حکیم کی تلاوت اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)۔

(1) بار آوری درخت: سورۃ مبارکہ آل عمران کو زعفران اور گلاب سے لکھ کر درخت پر لٹکائیں یا کھیت میں دفن کر دیں۔ خوب فصل ہوگی۔

(2) وضع حمل کے لیے: سورۃ مبارکہ کو کاغذ پر لکھ کر پاک پانی سے دھو کر زن حاملہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ آسانی ہوگی۔

(3) حمل کے لیے: اگر عورت اس سورۃ مبارکہ کو لکھ کر گلے میں ڈالے تو جلد حاملہ ہوگی۔

(4) تونگری کے لیے: سورہ آل عمران مکمل لکھ کر اپنے پاس رکھے تو تونگر ہوگا اور غربت ختم ہو جائے گی۔

(5) ام صبیاں کے لیے: سورۃ آل عمران کی آیت 2 تا 4 کو زعفران اور مشک گلاب سے کاغذ پر لکھ کر اسے نزکل میں جو طلوع آفتاب سے پہلے کاٹا ہو رکھیں اور اس کا منہ موم سے بند کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں تو بچہ ام صبیان و شر شیاطین اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

(6) واپسی گمشدہ کے لیے: سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 8 پڑھے تو جلد ہی گمشدہ واپس مل جائے۔

(7) وسعت رزق اور ادائیگی قرض کے لیے: جو شخص روزانہ 7 مرتبہ سورۃ الحمد و آیت الکرسی اور سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 26 تا 27 پڑھے کبھی مفلس نہ ہو۔

(8) خیر و برکت کے لیے: جمعرات کے دن باوضو ہو کر آیت نمبر 74'73 کو کسی خوش قسمت یا تونگر شخص کے کپڑے پر پاک سیاہی اور نئے قلم سے لکھ کر اپنی دکان یا مکان یا خرید و فروخت کے دوران میں لٹکا دے تو اس کی آمدنی میں بہت ترقی ہو اور مال میں برکت ہوگی۔

(9) حصول روزگار یا ملازمت کے لیے: سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 73، 74 کو کاغذ پر لکھ کر دائیں بازو پر باندھے جلد روزگار یا ملازمت مل جائے گی۔

(10) خواستگاری زن و نکاح پسند کے لیے: سورۃ مبارکہ کی آیت نمبر 73، 74 کو لڑکی یا لڑکا بمعہ والدہ کے ناموں کے لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لیں اور نکاح کا پیغام بھیجیں۔ قاصد کامیابی کے ساتھ آئے گا۔

(11) شریر بچوں یا جانوروں کے لیے: اگر شریر بچوں پر دم کرے گا تو وہ درست ہو جائیں۔ اگر گھوڑا، خچر، اونٹ، گدھا وغیرہ کوئی سواری کا جانور سوار یا اترتے وقت شرارت کرے تو آیت نمبر 83 کو 3 مرتبہ اس کے کان میں پڑھ کر پھونک دیں۔ سفر میں شریر جنات وغیر ارواح سے حفاظت کے لیے پڑھ سکتے ہیں۔

(12) معزولی حاکم و جابر ظالم افسر کے لیے: آیت نمبر 114' 141 کو ایسی سفال کہنہ پر لکھ کر جو سیاہ مٹی سے بنائی گئی ہو اور اس کا نام بھی تحریر کرے۔ اس کی محکمہ کی جگہ چھپا کر رکھے۔ جلد معزول ہو جائے گا۔

(13) نکسیر کے لیے: ناک اوپر اور دونوں آنکھوں کے درمیان لکھ کر باندھے نکسیر ختم ہو جائے گی۔ آیت نمبر 144 لکھے۔

(14) بندش خون زناں کے لیے: جو کسی بھی طرح بند نہ ہو تو 3 کاغذ پر لکھ ایک پرچہ مریضہ اگلے دامن پر دوسرا پرچہ مریضہ پچھلے دامن میں باندھے۔ اور تیسرا پرچہ ناف پر باندھے، جلد خون بند ہو جائے گا۔ آیت نمبر 144 لکھے۔

(15) منہ سے خون تھوکنے کے لیے: آیت نمبر 144 کو دوا یا پانی پر دم کر کے پلانا مفید ہے۔ جسم کے کسی اندرونی حصے سے خون جاری ہونے کے لیے مفید و مجرب ہے۔ عورتوں کے لیے زیادتی حیض کے لیے مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کا حامی و ناصر ہو۔ اور ادارہ کو مزید ترقی عطا فرمائے تاکہ آپ تک مضامین پہنچتے رہیں۔

فیضان القرآن
لوح فتح و نصرت
شرف و اوج مریخ

شہزادہ منظور علی سمون، ٹنڈ و محمد خان۔

قارئین خالد روحانی جنتری اسلام علیکم۔اس دفعہ پھولوں جیسے پیارے قارئین کے لیے ایک مجرب عمل لوح فتح و نصرف حاضر خدمت ہے۔ یہ لوح مبارک اپنے اندر حیران کن اثرات رکھتی ہے۔اس لوح مبارک کو پاس رکھتے ہی قسمت کا ستارہ چمک اٹھتا ہےاور چاروں اطراف سے تمام تر رکاوٹیں ختم ہو جاتی ہیں اور زندگی میں خوشیوں کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ اس لوح مبارک سے بہت سارے لوگ اپنی زندگی سنوار چکے ہیں۔جو دشمن آپ کے راستے میں کانٹے گراتے تھے وہ دشمن اب کانٹوں کی بجائے پھول بچھائیں گے۔جیسے سورج کی روشنی سے کسی کو انکار نہیں ویسے اس لوح مبارک کو پاس رکھنے کے بعد اس کے اثرات سے کسی کو انکار کا موقع نہیں ملے گا۔

شرف یا اوج مریخ:

یہ دونوں مبارک اوقات سال میں ایک ایک دفعہ حاصل ہو جاتے ہیں۔شرف کی طاقت سو فیصد اور اوج کی طاقت بھی نہایت ہی طاقتور ہوتی ہے۔ان اوقات کو دیکھنے کے لیے خالد روحانی جنتری کا مطالعہ فرمائیں۔

فوائد لوح فتح و نصرت:

ہر انسان پیار محبت عزت سے پیش آئے گا۔دشمن مغلوب رہیں گے۔ ان پر رعب و دبدبہ قائم ہوگا۔دشمن کسی بھی طرح سے مقابلہ کی ہمت نہیں کر سکے گا۔امتحان میں کامیابی ہوگی۔الیکشن یا مقدمات میں شاندار کامیابی ہو گی۔غرضیکہ ہر طرف سے فتح و نصرت آپ کی ہوگی۔اس لوح مبارک سے حضرات و خواتین یکساں فیض حاصل کر سکتے ہیں۔

طریقہ:

بوقت شرف یا اوج مریخ میں عرق گلاب، زعفران، عنبر کی رنگدار سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھیں۔بخورات مریخ لازمی سلگائیں عامل خود بھی صاف پاک حالت میں باوضو ہو۔لوح مبارک کو چال کے مطابق لکھیں ورنہ اثر نہیں ہوگا۔لوح مبارکہ کو اپنے گلے یا دائیں بازو میں باندھ لیں۔

چال			
۱	۶	۱۱	۱۶
۱۲	۱۵	۲	۵
۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰

الا	فتحنالک	فتحا	مبینا
۵۹۰	۱۰۲	۵۳	۴۸۸
۱۰۱	۵۸۷	۴۹۱	۵۴
۴۹۰	۵۵	۱۰۰	۵۸۸

علم الاعداد سیکھیں

ادارہ راہنمائے عملیات کے تحت دیگر کورسز کے ساتھ ساتھ علم الاعداد پر بھی ایک کورس تشکیل دیا گیا ہے ادارہ ہذا کی ہمیشہ سے کوشش رہی ہے کہ جو بھی کورس تیار کیا جائے وہ خالصتاً علمی اور فنی بنیادوں پر ہو۔علم الاعداد کے اس کورس کی خاصیت ہے کہ یہ خالصتاً اعداد کو لے کر بحث کرتا ہے۔کسی فرد کے نام کے اعداد کیا ہوں گے؟ تاریخ پیدائش کے اعداد کیا ہوں گے؟ فرد کے ماہ و سال کیسے بسر ہوں گے؟ پوچھے گئے مختلف سوالوں کے جواب اعداد کی بنیاد پر کیسے دیئے ہیں۔ یہ اور بہت سے دوسرے عملی اور تکنیکی امور اس کورس کا حصہ ہیں۔علم اعداد سے مکمل واقفیت اور مہارت کے لیے یہ کورس آپ کا راہنما ثابت ہوگا۔

عمل خاص تسخیر

ریاض احمد شہزاد، آزاد کشمیر۔

معزز قارئین خالد روحانی جنتری اسلام علیکم ورحمتہ اللہ۔

گزشتہ سال ایک عمل حب پیش کیا تھا۔ اُسی سلسلے میں اب ایک اور عمل خاص برائے تسخیر پیش کیا تھا۔ دل جمی اور روحانی قوتوں سے کام لیتے ہوئے عمل تیار کریں تو انشاء اللہ گوہر مقصود حاصل ہوگا۔ جہاں کہیں مشکل پیش آئے تو ادارہ راہنمائے عملیات سے رابطہ کریں یا یہ عمل ان سے تیار کروا سکتے ہیں۔ یاد رہے کسی بھی عمل میں کامیابی کے لیے روحانی اُستاد کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ عمل تیار کرنے کے بعد اس کے استعمال کا طریقہ یا پڑھائی کرنی مقصود ہو وہاں پڑھائی ضرور کی جانی چاہیے۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے کسی حکیم یا ڈاکٹر کا نسخہ استعمال کیا جاتا ہے اور پرہیز بھی کیا جاتا ہے۔ تب جا کر کہیں فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

تواخل تکسیر عجمی

اسمائے طالب و مطلوب کو تواخل تکسیر عجمی کہتے ہیں۔ اگر عمل محبت کا ہو تو سیارگان میں مشتری اور زہرہ، قمر اور عطارد کے اسماء کو شامل کیا جاتا ہے۔

